هیچ چیز منقید نه شده عزیمت استلام عتبهٔ علیه نماید و از آمدن خویش ما را مسرور سازد و جیجی را که
از فرقت او حالتی دارد که کس مبینا مرهمی بخاطر آزرده او بنهد و خود را از وبال و نکال
صوری و معنوی نجات بخشد و چون همواره بخاطر اقدس بود که ایلچی کاروان پیش سلطان
[illegible]م فرستاده مبانی محبت را استحکام دهد اکنون مصمم شده است که متعاقب این منشور

گوشہ گمنامی اختیار کر لیتی ہے، ایسے کام کی پیروی کی ہے جو مذہبی اور عقلی خیال سے اچھا نہیں ہے۔ اگر شوق الٰہی کی روشنی تم آج کل ہی اٹھی تھی اور اجازت لینے تک حج کا وقت اور موسم ختم ہو جاتا تو چاہیے تھا کہ خود سفر کرتے اور بال بچوں کو ساتھ نہ لیجاتے۔ اور ایک درخواست روانہ کر دیتے کہ مجھ کو شوق دامنگیر ہو رہا تھا اور جناب کی ہمت عالی سے تھوڑی سی مدد و فرصت پاکر روانہ ہو گیا ہوں اور اپنے بال بچوں کو آپ کی بڑی مہربانی کے سائے میں چھوڑ دیا ہے۔ اگر سفر سے واپس ہونے تک میری جاگیر بحال رکھیں۔ کیونکہ میری اولاد لایق ہے اور یہ ممکن ہے کہ میری غیر حاضری کے زمانے میں ملک اور علاقے کا انتظام و بند و بست کریں تو اس خیال سے ہمارے دربار میں تمہارا اعتبار رہتا اور تمہاری دعوی منظور ہے تمہاری خواہش تہنیت کی شکل پکڑ جاتی اور اگر شاہی بڑی مہربانیوں کے بڑے رتبے کو نہ پہچاننے کی وجہ سے یہ مبارک خیال دل میں پیدا نہ ہو سکتا تھا تو چاہیے تھا کہ اپنے اہل و عیال کو سرکار میں بھیجکر عرض کر دیتے کہ چونکہ کعبہ کی زیارت کا شوق از حد بڑھ گیا تھا۔ بچوں کو خدمت میں روانہ کر کے ہر ایک کے بارے میں اپنی خواہش ظاہر کر دیتے یا ہماری مرضی مبارک پہ چھوڑ دیتے کہ میں نے ان خانہ زادوں کو دربار میں روانہ کر دیا ہے۔ جیسی جناب کی مرضی ہو ان میں سے ہر ایک کو کسی خدمت پر سرفرازی بخشیں بیشک یہ پسندیدہ صورت رکھتی تھی۔ کیا مصیبت پڑی اور کیا دھیان آیا کہ ساری اچھی صورتوں کو ترک کر دیا۔ اور چونکہ تمہارے خاندان کی اچھائیاں خاصکر تمہاری والدہ کی خدمتیں ہمارے دل میں گڑی ہوئی ہیں تمہاری ایسی حرکتوں کے ہوتے ہوئے بھی اگر کوئی تکلیف پہنچے تو وہ بھی تھوڑی دیر سے زیادہ کی نہ ہوگی لیکن کسی صورت میں بیزاری نہیں ہے اور میں نہیں چاہتا کہ تم پردیس میں آوارہ پھرو۔ اگر ہماری ہزار ہا مہربانیوں اور عنایتوں میں سے ذرا طور بھی خیال کرتے تو کبھی بھی اپنے دل میں یہ خیال پیدا نہ ہونے دیتے اور خاص و عام میں مطعون نہ ہوتے۔ اب بھی کچھ نہیں گیا ہے کسی طرح متفکر نہ ہوئیے ہو۔ کعبہ شریف کی بوسہ زنی کا ارادہ کرو اور اپنی واپسی سے ہم کو خوشنود کر دو اور اپنے کو دنیاوی تکلیف سے اور آخرت کی سختی سے بچاؤ چونکہ یہ بات ہمارے دل میں تھی کہ تجربہ کار ایلچی سلطان روم کے پاس بھیجکر محبت کی بنیادوں کو مضبوط کیا جائے اب مستقل ارادہ ہو گیا ہے کہ اس حکمنامہ کے بعد ہی

والای عاطفت بمصحوب یکی با همراهی این شخص که این نخل دولت را سپیر و تعیین فرمائیم و بهگی همت مصروف آنست که او ادراک ملازمت نماید چه خوش باشد که پیش از رسیدن ایلچی او متوجه آستان بوسی گردد

دستور العمل حضرت شاهنشاهی بعمال ممالک محروسه و متصدیان مهمات مرجوعه

این منشور الادب ظل الهی و دستور العمل کارآگاهی از منبع عاطفت و معدن رافت شاهنشاهی صدور یافته که منتظمان کارآگاه سلطنت و کارپردازان بارگاه خلافت از فرزندان اقبال مند و نوئینان اخلاص منش و امرای عالیقدر و سایر منصبداران و عاملان و کوتوالان باین روش عمل نموده در انتظام امصار و قریات و سایر کشورات فرمان پذیر باشند اول بطریق اجمال آنکه در جمیع کارها از عادات و عبادات رضای الهی را جویان باشند و نیاز مند درگاه ایزدی بوده خود را و غیر را منظور نداشته شروع در آن کار کنند دیگر آنکه خلوت دوست نباشند که آن طرز درویشان صحرا گزین است و پیوسته با عام نشستن و در کثرت بودن عادت نکنند که طریق اهل بازار است بالجمله در ماند و بود توسط و میانه روی بکار برند و سر رشته اعتدال از دست ندهند یعنی کثرت گزینند و صورت وحدت و رنگ گروه باشی ایزد بیچون را عزیز دارد و بیداری صبح و شام و نیم شب و روز عادت کنند و در هنگامیکه کار خلق خدا نباشد مطالعه کتب ارباب صفوف و صفا مثل کتب علم اخلاق که طب روحانی ست و خلاصه جمیع علوم ست چون اخلاق ناصری و منجیات و مهلکات احیا و کیمیای سعادت و مثنوی مولوی روم مشغولی کنند تا از غایت مراتب دینداری آگاه شده در تسویلات ارباب تزویر ضایع از جای نروند که بهترین عبادات الهی در نشاء تعلق سرانجام مهام خلایق ست که دوستی و دشمنی و خویشی و بیگانگی را منظور نداشته بکشاده پیشانی بتقدیم رسانند بفقیران و مسکینان تخصیص گوشه نشینان و مجردان که در خروج و دخول بسته زبان تنخواهش نمی کشانید بقدر طاقت دستگیری کنند و بصحبت گوشه نشینان

اس شخص کے ہمراہ جو اس خط کو لیجا رہا ہے کسی کو مقرر کر دیں (جو تم کو گرفتار کر کے لے آئے) اور اس ایلچی کے روانہ کرنے سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ تم حاضر دربار ہو جاؤ کیا اچھا ہو کہ ایلچی کے وہاں پہنچنے سے پہلے ہی (یعنی اس سے پہلے کہ ہم سلطان روم کو لکھیں اور شریف مکہ کو حکمنامے تمہارے لئے روانہ کریں) تم خود ہی یہاں چلے آؤ۔ کیونکہ تمہاری ماں جو ہماری دائی ہے ہم پر زور ڈالتی ہے اور تمہاری یاد میں بے چین ہے) تم آستان بوسی کی طرف توجہ کرو۔ اکبری سرکلر (یا گشتی چٹھی) ممالک مقبوضہ کے کارکنوں اور کاروبار متعلقہ کے منتظموں کے نام۔ یہ بادشاہی معزز فرمان اور کام کرنے کا ضابطہ شاہی مہربانی کی کان اور عنایت کے چشمے سے ظاہر ہوا ہے کہ سلطنت کے منتظم اور بادشاہی کے کارندے چاہے اقبالمند بیٹے ہوں یا محبت کرنیوالے قریبی شہزادے اور بلند رتبہ امیر اور کل عہدے دار اور کارندے اور کوتوال ان قاعدوں کی پابندی کر کے شہروں قصبوں اور آبادیوں میں کاربند ہوں۔ پہلی مختصر بات یہ ہے کہ سارے کاروبار میں چاہے عادتوں کے متعلق ہوں یا عبادتوں کے متعلق ہوں۔ مرضی خدا کے متلاشی ہوں۔ اور درگاہ خدا کے عاجز بندہ اپنے پرائے کا لحاظ کئے بغیر اس کام کی ابتدا کرے۔ دوسرے یہ کہ تنہائی پسند نہ ہوں کہ یہ صحرانشین فقیروں کا طریقہ ہے اور ہمیشہ عام لوگوں میں بیٹھنے اور مجمع میں رہنے کی عادت نہ ڈالے کیونکہ یہ بازاریوں کی روش ہے۔ الغرض رہنے سہنے میں اوسط درجے پر عمل کرے اور درمیانے درجے کو ترک نہ کرے یعنی نہ تو زیادہ مجمع میں بیٹھنے کا عادی ہو اور نہ صرف گوشۂ تنہائی کا۔ اور جیسے مثل خدا نے جن لوگوں کو بزرگ بنایا ہے ان کی عزت کرے اور صبح و شام دوپہر اور آدھی رات کو جاگنے کی عادت ڈالے جس وقت مخلوق کا کام نہ ہو۔ پرہیزگاروں اور بااخلاق لوگوں کی کتابوں کا پڑھنا جیسے اخلاقی کتابیں جو روحانی طبیب ہیں اور سارے علموں کا خلاصہ ہیں۔ مثلاً اخلاق ناصری اور احیاء العلوم عربی کے دونوں حصے جن کے نام منجیات اور مہلکات ہیں اور امام غزالی کی دوسری کتاب کیمیائے سعادت جو فارسی میں ہے اور مثنوی مولانا روم کے پڑھنے میں مشغول ہو تاکہ دینداری کے انتہائی درجوں سے خبردار ہو کر فریبی اور مکار لوگوں کی بنائی ہوئی باتوں کے آراستہ کرنے میں دھوکا (بقیہ)

خداجہے رسیدہ التماس ہمت نماید وتقصیر وزلات وجرایم مردم را بمیزان عدالت
سنجیدہ پایۂ ہر یکی را بجای خود دارد باین تیران دانش اساس پاداش ہر یکی نماید
و بدل دقیقہ شناس دریابد کہ درین گروہ کدام تقصیر پوشیدنی و گذاشتنی ست و کدام
گناہ پرسیدنی و بزبان آوردنی و سزا دادنی ست کہ بسا تقصیر اندک سزا و ار
جزای بسیار ست و بسا تقصیر بسیار را اغماض کردنی ست و متمردان را بنصیحت و ملامت
و بدرشتی و نرمی بر تفاوت مراتب رہنمونی کند و چون کار از نصیحت گذرد بہ بستن
و زدن و بریدن عضو و کشتن بہ تباین مدارج عقل نماید و در کشتن دلیرے نکند
و تامل فراوان بجا آورد مصرع کہ نتوان سر کشتہ پیوند کرد ٭ و تا توانداین کار بل
کشتن را بدرگاہ فرستد حقیقت آنرا معروض دارد و اگر در نگاہداشت آن متمرد
یا فرستادن موجب فسادی باشد و دران صورت او را از ہم گذرانند و از پوست کندن
و در تہ فیل انداختن و امثال آن کہ سلاطین کار بندند احتراز نماید
و سزای ہر یکی از طبقات مردم فراخور حالت او باشد کہ عالی فطرت را نگاہ تند برابر
کشتن ست و پست ہمت را لت سودمند نے و ہر کس را کہ بعقل و دیانت او اعتماد
داشتہ باشد رخصت دہد کہ آنچہ ناشایستہ بزعم خود بیند در خلوت بگوید و اگر احیانا گوینده
غلط کردہ باشد او را سرزنش ننماید کہ سرزنش سد راہ گفتن ست و کسی را کہ ایزد چون کان
توفیق دادہ باشد کہ حق بگوید عزیز دارد کہ مردم در گفتن حق بغایت عاجز اند جمعے
کہ بدذات و شریر اند میل بحق گفتن ندارند و نخواہند کہ ہمان طور در بلا باشند و آنکہ
نیک ذات ست ملاحظہ میباشد کہ مبادا در گفتن سخن صاحب مستمع برنجد و من در طبیعہ
افتم و نیک اندیشی کہ زیان خود را برای نفع دیگران گزیند حکم کبریت احمر دارد و خوشامد
دوست نباشد کہ بسا کار را از خوش آمد گویان ناساختہ ساختند و یکبارگی با بنیان بدبنا شد
کہ ملازم را خوش آمد گفتن ہم ضرور ست و در پہ پیدن داد خواہ بنفس خود تجدد وسع

دعائے خیر طلب کرے اور آدمیوں کے گناہوں خطاؤں اور تقصیروں کو انصاف کی ترازو میں تولکر
ہر ایک کا درجہ مقرر کرے اور اس عقل کی بنیاد رکھنے والی ترازو سے ہر ایک کو بدلہ دے اور غور کرنیوالے
دل میں جانچ لے کہ اس گروہ میں کونسی خطا پردہ پوشی کرنے اور چھوڑ دینے کے لایق ہے اور کونسا گناہ پوچھنے
اور زبان پر لانے کے اور سزا دینے کے قابل ہے۔ کہ بہت سی چھوٹی خطائیں بڑا بدلہ دینے کے قابل ہوتی
ہیں اور اکثر بڑی خطائیں چشم پوشی کے لائق ہوتی ہیں اور سرکشوں کو نصیحت اور نرمی اور سختی و مصلاحیت
کے مختلف طریقوں پر راہنمائی کرے اور جب معاملہ نصیحت سے بڑھجائے تو گرفتار کرنے مارنے بدن کے
کسی حصے کے کاٹنے اور قتل کرنے اور دیگر مختلف صورتوں پر عملدرآمد کرے۔ قتل کرنے میں دلیری نکرے
جو قتل کے قابل ہو اس کو دربار میں روانہ کردے اور اس کے واقعات عرض کردے اور اگر اس کا کشش
کا رکھنا یا روانہ کرنا کسی فساد کا باعث ہو اس صورت میں اس کو ہلاک کروادے اور کھال کھچوانے اور
ہاتھی سے روندانے سے پرہیز کرے اور ان جیسے اور سزاؤں سے بھی بچے جو زبردست بادشاہ کیا
کرتے ہیں اور انسانی گروہوں میں ہر ایک کو سزا دیجائے وہ اس کی حالت کے موافق ہو۔ کیونکہ شریف
خاندانی کو تند نظر سے دیکھنا ہی مارنے کے برابر ہے اور نیچ کو لاتیں مارنی بھی مفید نہیں ہوتی ہیں اور
جس کسی شخص کی عقل اور دانائی پر بھروسہ رکھتا ہو اس کو اجازت دیوے کہ جو کچھ وہ اپنے خیال کے بموجب
برا فعل یا بری حرکت دیکھے تنہائی میں تجھ سے کہدے اور اگر اتفاقاً کہنے والا غلطی کر جاے اس کو
تنبیہ نکرے یا ملامت نکرے کیونکہ ملامت کرنا بات کے رستے کو بند کردیتا ہے اور جس کسی کو بے مثل
خدا نے یہ ہمت عطا کی ہو کہ وہ سچ بات بیان کرے تو ایسے شخص کی عزت کرے کیونکہ بہت سے انسان
سچ بولنے میں نہایت مجبور ہیں بدذات اور شریروں کی ٹولی سچ سننے کی پروا نہیں کرتی اور چاہتی ہے کہ اسیطرح
مصیبت میں گرفتار رہے۔ اور نیکوں کا گروہ یہ خیال کرتا رہتا ہے کہ مبادا میرے سچ بولنے سے سننے والا
ناراض ہو جائے اور میں مصیبت میں پھنسوں۔ اب نیک آدمی جو دوسروں کے فائدے کیلئے اپنا نقصان
کرے سرخ گندھک کا حکم رکھتا ہے کہتے ہیں کہ اگر سرخ گندھک ملجائے تو اس سے سونا بنجاتا ہے۔ مراد نایاب
سے ہے اور خوشامد کو پسند نکرے کیونکہ خوشامد پسند اکثر کام نامکمل رہتے ہیں۔ اور ایکدم ان سے (بقیہ)

اهتمام نماید ابیات بدیوان بیند از فریاد داد ❁ که شاید ز دیوان بود داد ❁ بخود پرس
فریاد مظلوم را ❁ برون ساز از انگبین موم را ❁ و اسامی داد طلبان را بترتیب
آمد نوشته می رسیده باشد تا پیش آمده محنت انتظار نکشد و پیش دستان خدمت را
یارای تقدیم و تاخیر نماند و هر که بدی از کسی نقل کند در سزای آن شتاب زدگی نماید و
تفحص بکند که سخن ساز مفتری بسیار است و راست گوی نیک اندیش کمیاب و در هنگام
غضب سر رشتهٔ عقل از دست ندهد و باهستگی و بردباری کار کند و چندے
از آشنایان و ملازمان خود را که بفزونی خرد و اخلاص ممتاز باشند مختار
گرداند که در زمان هجوم غم و غصه که عقلا و ست از سخن باز میدارند از
کلمة الحق صمت نورزند و سوگند خور نباشد که سوگند خوردن خود را بدروغگوی
متهم داشتن ست و مخاطب را بدگمانی نسبت دادن و بدشنام دادن عادت نکند
که شیوهٔ اجلاف ست و در افزونی زراعت و استمالت رعایا و تقاوی دادن اهتمام
نماید که سال بسال امصار و قریات و قصبات افزون می شده باشد و چنان آسان
گیرد که زمین قابل زراعت همه آباد شود و پس ازان در افزائش جنس کامل کوشش نماید
و دستور العمل عامل را که جدا نگاه داشته پیش نهاد خاطر حق گزین خود سازد و بالجمله جمیع رعایا
ریزه فرداً فرداً وارسد و از فراز هیچ اسم در رسم برنگردد و سعی نماید که سپاهی و غیر
آن در خانهٔ مردم بی رضای ایشان فرود نیایند و در کارها بر عقل خود اعتماد نکند
و مشورت با داناتری از خود نماید و اگر نیابد هم مشورت را از دست ندهد که بسیار
باشد که از نادانی راه حق یابند چنانچه گفته اند قطعه گاه باشد که پیر دانشمند ❁ بر نیاید
درست تدبیرے ❁ گاه باشد که کودکے نادان ❁ بغلط بر هدف زند تیرے ❁ تیر با بسیار کس
مشورت نماید که عقل درست و معامله دانی داد خدا ایست نه بخواندن دست دهد و
نه بروزگار گذراندن میسر شود مبادا بجهی نادان در امری مخالفت نماید و ترا در آن کار

ابیات مظلوم کی فریاد کی پڑتال دیوان جی پر نہ چھوڑ کر شاید وہ دیوانجی کے معاملے کی اپیل کرتا ہو۔ بذات خاص
فریاد مظلوم کی پرسش کر شہد سے سوم کو باہر نکال اور فریادیوں کے ناموں کو نمبروار لکھکر پرسش کرتا جائے
تاکہ پہلے آنے والیکو انتظار نکرنا پڑے اور ملازموں کو آگے پیچھے کرنیکی طاقت نہ ہو اور جو کوئی کسی شخص
کی برائی دہرائے یا بیان کرے اسکی سزا میں جلدی نکرے اور جانچ پڑتال کرے۔ کیونکہ باتونی دھوکا
باز بہت سے ہیں۔ اور سچ بولنے والا خیر خواہ کم ملتا ہے۔ اور غصے کے وقت عقل کو ہاتھ سے نہ دیے
دبے قابو نہ ہو جائے ؛ اور ہوئے ہوئے سہارے سے کام کرے دکام نکالے) اور کچھ اپنے نوکروں دوستوں
کو جو عقل اور محبت کی زیادتی پر معزز ہوں۔ ان کو مختار بنا دے کہ غم اور غصے کی زیادتی کے وقت۔ (کیونکہ
ایسے وقت عقلمند باتیں کرنی ترک کر دیتے ہیں۔ وہ لوگ سچ بات کہنے سے چپکے نہ ہوں اور قسم کھانیکا عادی
کیونکہ قسم کھانا اپنے پر دروغگوئی کا الزام لگانا ہے اور مخاطب کو بدگمانی پر منسوب کرنا۔ اور گالی دینے کی
عادت نہ ڈالے کہ کمینہ لوگوں کا طریقہ ہے۔ اور کھیتی باڑی کے بڑھانے اور رعیت کی دلجوئی کرنے اور
پیشگی کاشتکاروں کو روپیہ دینے کا بندوبست کرے تاکہ ہر سال شہر گاؤں قصبے بڑھتے جائیں۔ اور ایسی
آسان شکل اختیار کرے کہ زراعتی زمین ساری بس جائے۔ پھر بڑھیا جنس کی پیداوار بڑھانیکی کوشش کرے
اور کار نیک قاعدہ کو جسکو جدا گانہ مقرر کر دیا ہوگا) حق پسندوں کے سامنے رکھ۔ حاصل الکلام) ساری دنی ادنی
رعایا کی ایک ایک کر کے خبر گیری کرے اور اپنے وعدے سے دکسی قاعدے یا آدمی کا لحاظ کرکے) ہرگز نہ پھرے
اور کوشش کرے کہ سپاہی اور غیر آدمی گھر والوں کی رضامندی کے بغیر گھروں میں داخل نہ ہوں اور کاروبار
میں اپنی عقل پر بھروسہ نکرے اور اپنے سے زیادہ سیانے سے مشورہ کرے۔ اور کوئی سیانا آدمی نہ ملے تو
بھی صلاح پوچھے بغیر نہ رہے۔ کیونکہ اکثر ہو جاتا ہے کہ نادان سے سچے و درست راستے کا پتہ مل جاتا ہے قطعہ
کبھی ہو جاتا ہے کہ تجربہ کار سیانے کو ٹھیک تدبیر نہیں سوجھتی (۲) کبھی ہو جاتا ہے کہ نادان بچہ غلطی سے نشانہ
پر تیر مار دیتا ہے اور بہت سارے آدمیوں سے کبھی مشورہ نہ کرے کہ درست اور معاملے کی سمجھنے والی عقل
خدا کی دین ہے جو نہ پڑھنے سے ملتی ہے نہ عمر بسر کرنے سے حاصل ہوتی ہے ایسا نہ ہو کہ بے سمجھوں کی ٹولی کسی کام کی
مخالفت کرے اور تجھکو اس کام میں شک ہو گیا ہو اور درست کام کی جاننے والی عقل (جو ہمیشہ تھوڑوں میں ہوتی ہے) مردود کردیں رکھ دم

خدوک شود و از عقل خود درست کاران که همیشه کمتر باشند باز دارند و هر کاری که از ملازمان
ادا شود بفرزندان نفر باید و هرچه از فرزندان شود خود خود متکفل آن نشود که آنچه از
دیگران فوت شود تو تدارک آن توانی کرد و آنچه از تو فوت شود تلافی آن مشکل باشد
و عذر نیوشی و اغماض نظر از تقصیرات خوی او باشد که آدمی بیگناه و بی تقصیر نیست
گاه از تنبیه دلیر تر میشود و گاه بغیرت آوارگی اختیار میکند آدمی باشد که
بیک گناه تنبیه او باید کرد و آدمی باشد که هزار گناه از و باید گذرانید غرض که
کار سیاست نازک ترین مهمات سلطنت ست بآهستگی و فهمیدگی بتقدیم رساند
و راهها را بمردم خدا ترس و دلاور سپارد و نیک و بد آنها را از انها پرسد و همواره
خبرگیران باشد که پادشاهی و سرداری عبارت از پاسبانی ست تکیش و دین خلق خدا
معترض نشود که خردمند در کار دنیا که فنا پذیر ست زیان خود نگزیند در معامله
دین که پاینده است چگونه دانسته زیان مندی اختیار خواهد کرد اگر حق با اوست خود
با حق سر مخالفت و تعرض داری و اگر حق با تست و او نادانسته خلاف آن
گزیده است خود بیچاره بیمار نادانی ست محل ترحم و اعانت ست نه جای تعرض و
انکار و نکوکاران را و خیر اندیشان را هر گرد را دوستدار باشد و خواب و خورش از اندازه
نگذارند و از مقدار ضرورت بیجا در نکند تا از پایه حیوانات فراتر که شده برتبه
انسانیت اختصاص یابد و تا تواند کار روز بشب نیندازد و با مردم شدید العداوة
نبود و سینه را از زندان کینه نباید ساخت اگر از بشریت گرانی بهم رسد زود برطرف سازد
که در نفس الامر فاعل حقیقی ایزد بیچون ست این خرخشه ها برای نظام ظاهر تجویز
فرموده اند و خنده و هزل کمتر کند و پیوسته از جاسوسان خبردار باشد
و سخن یک جاسوس را اعتقاد نکند که راستی و بی طمعی بس کمیاب ست پس در هر امری
چند جاسوس و خبردار تعیین کند که از یکدیگر خبردار نباشند و تقریرات هر کدام جدا جدا

نوکر چاکر کر سکیں اس کے کرنے کا حکم اولاد کو نہ دے اور جو کچھ اولاد کر سکتی ہے تو خود اس کا ذمہ وار نہ ہو
کہ جو کوئی کام اور لوگ بگاڑ دیں گے تو خود اس کا انتظام کر سکے گا اور جو کچھ تجھ سے بگڑ جائیگا اسکا بدلہ
مشکل ہو گا اور خطاؤں سے چشم پوشی کرنا اور لوگوں کے عذروں کو سننا اس کی عادت میں داخل ہو کیونکہ
کوئی ایسا نہیں جس سے خطا اور گناہ نہ ہوتا ہو۔ کبھی انسان تنبیہ کرنے سے زیادہ دلیر ہو جاتا ہے اور کبھی شرما
کر علیحدگی اختیار کر لیتا ہے۔ وہ بھی انسان ہے جس کو ایک گناہ کرنے پر متنبہ کر دینا چاہئے۔ اور بھی انسان
ہے جس کے ہزاروں گناہوں سے چشم پوشی کرنی چاہئے۔ حاصل کلام بندوبست ملکی سلطنت کے کاروبار
میں سب سے زیادہ نازک ہے۔ آہستہ آہستہ سمجھ بوجھ کر ختم کرے اور راستباز اور خدا ترس آدمیوں
کے سپرد کرے اور ان راستوں کی اچھائی برائی ان سے دریافت کرے اور ہمیشہ خبردار رہے۔ کہ بادشاہی
اور سرداری سے مراد جو کچھ ادا ہے۔ لوگوں کے دین اور ملت میں اعتراض نکرے۔ کیونکہ عقلمند آدمی
دنیاوی کام میں جو ٹوٹنے والا ہے اپنا نقصان نہیں کرتا۔ تو مذہب کے معاملہ میں جو برقرار رہنے والا ہے
جان بوجھ کر کس طرح نقصان پہنچائے گا۔ اگر وہ سچے مذہب پر ہے اور تو اس کے دخل دیگا۔ تو تو نے خود سچائی
کی مخالفت کی اور دخل دیا۔ اور اگر تو سچائی پر ہے اور اس نے انجان بنکر اس کے برخلاف مذہب اختیار کیا
ہے۔ تو وہ بھی غریب نادانی کا بیمار ہے۔ رحم کرنے اور مدد کرنے کا موقع ہے نہ انکار کرنے اور دخل دینے
کی جگہ ہے اور ہر مذہب کے خیرخواہوں اور نیکوں کو درست رکھے اور سونا اور کھانا حد سے زیادہ نہ
بڑھائے۔ اور اس بارے میں ضروری مقدار سے آگے نہ بڑھے تا کہ حیوانی درجے سے بڑھکر انسانی
رتبے پر خصوصیت حاصل کرے اور جہاں تک ہو سکے دن کا کام رات پر نہ چھوڑے اور آدمیوں کے
ساتھ سخت دشمنی نہ رکھے۔ اور سینے کو سخت دشمنی کا قیدخانہ نہ بنانا چاہئے چونکہ رعیت بھی انسان ہے
اگر کوئی رنجش پیدا ہو جائے تو اس کو جلدی سے دور کر دے کیونکہ در اصل حقیقی کام کرنیوالا خدا ہے
پاک ہے یہ لڑائی بھڑائی ظاہری انتظام کے واسطے تجویز کی گئی ہے اور ہمیشہ معمول قائم کرے اور ہمیشہ مخبروں سے
ہوشیار رہے۔ ایک مخبر کے کہنے پر نہ چلے۔ کیونکہ لالچ نہ کرنا اور سچ بولنا مشکل ہے۔ اس لئے ہر کام
میں کئی مخبر اور جاسوس مقرر کرے جنمیں سے ایک کو دوسرے کی خبر نہ ہو اور ہر ایک کی خبریں علیحدہ علیحدہ لکھوائے

توپیاندوازان سپے بمقصود برد و جاسوسان شہرت گزین را معزول ساختہ از نظر اندازد و
بدذاتان و شریران را بخود راہ ندہد اگرچہ ایں جماعت برای بدکاران دیگر خوب اند
اما سررشتۂ حساب از دست ندہد و آن گروہ را در دل خود ہمیشہ متہم دارد کہ مبادا در لباس
دوستی قصد نیکان کنند و از نزدیکان و خدمتگاران خبردار باشد کہ بوسیلۂ نزدیکی ستم نکنند
و از چرب زبانان نادرست کہ در لباس دوستی کار دشمنی میکنند خبردار باشد کہ فسادہا
ازیں رہگذر پدید می آید بندگان را بواسطۂ افزونی شغل فرصت کم و ایں گروہ بدکار
فراوان از اطراف و خواب خود خبرگیران باشد و دراز نفسی را کوتاہ ساختہ لائق عرض را
معروض دارد و در ترویج دانش و کسب کمال اہتمام نماید کہ صاحبان استعداد از طبقات مردم
ضائع نشوند و در تربیت خاندانہای قدیم ہمت گمارد و از سامان سپاہی و یراق غافل نباشد
و خرج را کمتر از دخل کند کہ سرانجام معاملہ در گرو آنست گفتہ اند ہر کہ خرج او زیادہ از دخل
باشد احمق ست و ہر کہ خرج را با دخل برابر سازد چنانچہ عاقل نیست احمق ہم نیست و طرح اقامت
نیندازد و ہموارہ مستعد ملازمت و منتظر طلب باشد و در وعدہ تخلف نورزد و درست قول
باشد خصوصاً با متصدیان اشتغال سلطنت و ہموارہ در مشق تیراندازی و بندوق اندازی
باشد و سپاہیان را ورزش فرماید و بشکار مشغوف نباشد و بجہت ورزش سپاہ گری و نشاط خاطر
کہ ناگزیر پیشہ ارتعلق ست گاہ گاہی بآن بپردازد و یکبارہ غلہ را بجنس از رعایا گرفتہ بہ نیت
گرانی انبار نسازد و نقارہ را وقت طلوع نیر نور بخش عالم و نیم شب کہ در معنی آغاز طلوع
از آنجاست می نواختہ باشد و در وقت تحویل نیر اعظم از برجی ببرجی بندوقچیان توپچیان
توپ را سر دہند تا جمہور انام آگاہی یافتہ شکرانہ بجا آرند و یک کس بدرگاہ بگذارد
کہ عرائض او را بنظر اشرف می آوردہ باشد و اگر کوتوال نباشد فضول قانون
و رانیک نگاہ داشتہ در ترویج آں بکوشد و در روستا یانہ ایں اندیشہ بخود
راہ ندہد کہ کار کوتوالی را بچہ پردازم بلکہ عظمی دانستہ اہتمام نماید بدیں تفصیل

اوران سے کھوج نکالے اورمشہور مخبروں کو موقوف کرکے نظر سے دور کردے اور بدذاتوں شریروں
کو پاس نہ پھٹکنے دے اگرچہ بدمعاشوں کی ٹولی دوسری بدذات ٹولی کے لئے اچھی ہے مگر قاعدے کو ہاتھ
سے نہ چھوڑے۔ اور شریروں کے گروہ کو تہمت زدہ رکھے کہ ایسا نہ ہو دوستی کے کپڑے پہنکر نیکی کی تکلیف
دینے کا ارادہ کردیں اور پاس والوں اور نزدیکی نوکروں چاکروں سے خبردار رہے کہ پاس رہنے کی وجہ سے
ظلم نہ کریں اور چالاک باتوں سے جو دوستی کے لباس میں دشمنی کا کام کرتے ہیں ہوشیار رہے۔ کیونکہ
بہت سا دنگا فساد اس طرح پیدا ہوتا ہے۔ بڑے لوگوں کو کام کاج کی زیادتی کیوجہ سے فرصت کم ملتی
ہے اور بدمعاشوں کا گروہ بڑا لسبے اپنے چاروں طرف سے خبردار رہے۔ زیادہ باتونکو چھوڑکر عرض کرنیکے
قابل باتیں دربار شاہی میں بیان کرے اور عقل کے پھیلانے اور کمال کے حاصل کرنیکی تیاری کرے
کہ ایسا نہ ہو لوگوں میں سے لیاقت والے آدمی ضائع ہوجائیں اور قدیمی خاندانوں کی پرورش کرنے
میں ہمت کو صرف کرے اور سپاہی کے سامان اور لڑائی کے اسباب سے غافل نہ ہو۔ اور خرچ آمدنی
سے کم کرے۔ کیونکہ کاروبار کا انحصار اسی پر ہے کہ خرچ آمدنی سے کم ہو عقلمندوں نے کہا ہے کہ جس
کسی کا خرچ آمدنی سے زیادہ ہو وہ شخص بیوقوف ہے اور جو کوئی شخص خرچ اور آمد برابر رکھے تو وہ اگر
عقلمند نہیں ہے تو بیوقوف بھی نہیں ہے اور جمع کرنے کی بنیاد نہ ڈالے اور ہمیشہ نوکری پر مستعد اور
شاہی بلاوے کا منتظر رہے اور وعدہ کرکے نہ پھرے اور درست قول ہو اور سپاہیوں سے ورزش لے اور
شکار پر فریفتہ نہ ہو۔ ہاں سپاہیانہ مشق کی خاطر اور دل بہلانے کے خیال سے (جو دنیا بھر میں ضروری)
ہے کبھی کبھی کھیل لیا کرے اور بہت سارا غلہ فصل پر رعیت سے لیکر مہنگائی کے خیال سے جمع نہ کرے
اور نقارہ دنیا میں روشنی پھیلانیوالے سورج کے نکلتے وقت کہ آدھی رات کو کہ شمسی حساب سے دن طلوع
کا وقت ہے بجواتا رہے۔ اور سورج کے ایک برج سے دوسرے برج میں تحویل کرتے وقت بندوقچی اور توپچی توپ
چلائیں تاکہ کل آدمی خبردار ہوکر شکر خدا بجا لائیں اور کسی شخص کو کچہری میں مقرر کرے کہ اس محلے کے لوگونکی
عرضیوں کو پیش کرنا رہا کرے۔ اور اگر کسی علاقے میں کوتوال نہ ہو اس کے قانون کے حقوق کو اچھی طرح
خیال کرکے ان کے رواج دینے میں کوشش کرے۔ اور یہ زمیندارانہ خیال پاس نہ پھٹکنے دے (بقیہ)

نخستین باید که کوتوال هر شهر و قصبه و ده باتفاق اهل قلم خانها و
عمارات آنرا نویسد و ساکنان هر محله را خانه بخانه در قید کتابت درآورد که چه قسم مردم اند
و خانه بخانه ضامن گرفته بایکدیگر اتصال بخشد و محلات قرار داده در هر محله میر محله مقرر سازد
که نیک و بد آن بصوابدید او شود و جاسوس هر محله قرار دهد که وقائع شبا روزی
و آمد و رفت محله را می نویسانیده باشد و مقرر سازد که هرگاه دزدے آید یا آتشے
افتد یا دیگر امرے ناخوش سر زند همسایهٔ آن در ساعت معاونت او نماید همچنین صاحب
محله و خبرداران اعانت نمایند و اگر بے ضرورت حاضر نشوند گنهگار باشند و بےخبر همسایه
و میر محله و خبردار هیچکس سافرت نگزیند و کسے را در محله نگذارد که فرود آید و جمعے که
ضامن نداشته باشند آنها را در سرائے علیحده آباد ان سازد و میر محله و خبرداران سرائے
نیز تعین نماید و پیوسته احوال دخل و خرج هر کدام از دوربینی دریافته ملاحظه نماید
چه هر کس که دخل او کمتر است و خرج او بسیار یقین که بے علاے نیست پیروی
نماید و نیک ذاتی و خیر اندیشی را از دست ندهد و این کاوش را پیرایهٔ انتظام داند
نه سرمایهٔ اخذ و جبر و باید که دلالان هر قسم را ضامن گرفته در بازارها تعین کند که
هرچه خرید و فروخت شود اعلام می نموده باشند و مقرر سازد که هر که بے اعلام
خرید و فروخت نماید جرمانه بدهد و نام مشتری و بائع در روزنامچه مے نوشته باشد
و هر چیز که در بازار خرید و فروخت شود باتفاق میر محله و خبردار محله واقع شود
دیگر آنکه چند کس محله بمحله و کوچه بکوچه و نواحے شهر بجهت محافظت چوکی شب
تعین نمایند و سعی کند که در محله و بازار و کوچه بیگانه نباشد و تحقیق دبیر دے
دزدان از گره بُرد و اُچکه و غیر آن بواقعے نماید و اثرے از آنها نگذارد و
هرچه اسباب گم شود یا تاراج رود آنرا از دزد دانش پیدا سازد و الا از عهدهٔ آن برآید
و اموال غائب و متوفے تحقیق نماید اگر وارث باشد بآنها گزارد و گرنه بامین بسپارد

کوتوال کو پہلا کام یہ کرنا چاہیے کہ منشیوں کی مدد سے وہاں کی عمارتوں اور گھروں کو بطور مردم شماری اور
اور خانہ شماری کے لکھے اور ہر محلوں کے باشندوں کو رجسٹر کے ہر ایک خانہ میں لکھے کہ کس قسم کے آدمی ہیں
اور ایک گھروالے کی دوسرے گھروالے سے ضمانت لیکر برابر رہنے دے۔ اور محلے (بلاک) مقرر کرے
ہر محلے کا چودھری مقرر کرے (میر محلہ) کہ جس محلے کی برائی اچھائی اس کے مشورے سے ہو۔ اور
ہر محلے کا مخبر مقرر کرے جو رات دن کے حالات اور محلے کے آنے جانیوالوں کا پتہ نشان لکھواتا رہے
اور مقرر کردے کہ جسوقت کوئی چور آئے یا آگ لگے یا کوئی اور واقعہ پیش آئے۔ اس کا پڑوسی فوراً
اسکی مدد کرے۔ اسی طرح چودھری اور چوکیدار بھی مدد کریں اور اگر ضرورت پڑے پھر بھی حاضر نہوں تو
مجرم بنیں گے اور پڑوسی میر محلہ اور چوکیدار کو خبر کئے بغیر کوئی شخص سفر میں نجائے اور کسی ایسے آدمی کو
محلے میں نہ رہنے دیں جو گھروں میں اُتر آئے اور جو لوگ مخاصمت رکھتے ہوں۔ ان کو محلے کے جدا سرائے میں بسا دیں
اور سرائے میں نمبردار و چوکیدار مقرر کریں۔ اور ہمیشہ ہر ایک کی آمدنی و خرچ کی حالت تجربہ کاری
سے جانچ کر معلوم کرتا رہے۔ کیونکہ جس کسی کی آمدنی تھوڑی ہے اور اسکا خرچ بہت ہے تو بیشک وہ کسی
بلا سے خالی نہیں ہے۔ اس کا کھوج نکالے اور اس بارے میں شرافت اور خیرخواہی کو ہاتھ سے نہ جانے دے
اور اس تحقیقات کو انتظام کا ذریعہ سمجھے نہ کہ رشوت لینے کا۔ چاہیے کہ ہر قسم کے دلالوں کی ضمانت لیکر
بازاروں میں تعیناتی کردے کہ جو کچھ خرید و فروخت ہوتا ہے وہ اُسکی خبر دیتے رہیں اور قاعدہ باندھ
دے کہ جو کوئی شخص بغیر سرکار میں خبر کئے لین دین کرے وہ جرمانہ داخل کرے۔ اور بیچنے والے اور لینے
والے کا نام روزنامچہ میں لکھتا رہے کہ جو چیز منڈی میں خرید و فروخت کیجائے نمبردار اور چوکیدار
کی صلاح سے کیجائے۔ دوسرے یہ کہ چند آدمی محلہ بہ محلہ اور گلی در گلی اور شہر کے آس پاس رات کو
پہرے کے لئے مقرر کریں اور کوشش کرے کہ محلہ اور بازار اور گلی میں غیر نہ رہنے پائے اور چوروں
جیب کتروں اور اچکّوں کی پوری پوری تحقیقات و تفتیش کرے اور ان کا کھوج (نشان قدم) نکالے اور جو کچھ
اسباب کھویا جائے یا دیا جائے اسکو چوروں سمیت نکالے ورنہ اس ملازمت کو ترک کردے اور غائب اور
مرے ہوئے مال کی تحقیقات کرے اگر ان کے وارث موجود ہوں انکو دیدے اگر نہوں تو خزانچی یا تحویلدار کے سپرد کردے

وشرح آنرا بدرگاه نویسد تا هرگاه که صاحب حق پیدا شود با و وصول یابد درین معامله
نیز خیراندیشی و نیک ذاتی بکار برد که مبادا چنان که در بوم روم شائع ست بظهور آید
و بنهایت پیروی نماید که اثرے از شراب نباشد و خورنده و فروشنده و کشنده آنرا
بالتفاق حاکم آ چنان تنبیه نماید که مردم عبرت گیرنده و اگر کسے از حکمت و هوش افزائی
چون دوا بکار برد تعرض احوال او نباید کرد و در ارزانی نرخها اهتمام نماید و نگذارد که اهل دولت
بسیار خریده ذخیره نمایند و مردم بفروشند و در لوازم جشن نوروزی و عیدها اهتمام نماید
عید بزرگ نوروز ست که از ابتدای آن در وقت تحویل نیر نوربخش عالم در برج حمل ست
و آغاز ماه فروردین ست عید دیگر نوزدهم ماه مذکور که روز شرف ست و عید دیگر
سوم ماه اردی بهشت ست و عید دیگر ششم ماه خرداد عید دیگر سیزدهم ماه تیر ست عید
دیگر هفتم ماه امرداد ست عید دیگر چهارم شهریور ست عید دیگر شانزدهم ماه
مهر ست عید دیگر دهم ماه آبان ست عید دیگر نهم ماه آذر ست و در دی ماه
سه عید ست هشتم و پانزدهم و بست و سوم عید دیگر دوم ماه بهمن ست عید دیگر
پنجم ماه اسفندارست و عیدهای متعارف را بدستور نگاه داشته باشد و شب نوروز و
شب شرف بطریق شب برات چراغان کنند و در اول شبی که صباح آن عید باشد نقاره نوازند
و در روزهای عید بر سر هر شهر نقاره نوازند و زن بی ضرورت بر اسپ سوار نشود و گذر رهائے
آب دریا را برای غسل مردان و آب برداشتن جدا سازد و برای زنان گذرگاه دیگر مقرر گرداند
فرمان حضرت شاهنشاهی بشهباز خان کنبو چون پیش نهاد همت اعتدال گزین
و نیت معدلت آئین این نیازمند درگاه بی نیاز از ابتدای جلوس بر اورنگ شاهنشاهی
و استظلال بچتر والای ظل الٰهی آنست که جمیع سکنه و رعایا و سائر خلائق و برایا که بدائع
و ودائع ازلی و شرائف امانات ایزدی اند جل جناب کبریائه در ظلال عدالت افضال آزادگی خاطر
و آسوده حال بوده در وظائف شکر گزاری خدا که موجب ازدیاد نعمت و استدامت

اور اس اسباب کی تشریح دربار میں لکھدیں تاکہ جس وقت حقدار ملجائے۔ اس کو دیدیا جائے
اس معاملے میں بھی نیک ذاتی اور خیر خواہی پر عمل کرے کہ خدانخواستہ ایسا نہ ہو جائے جیسا کہ شہر
روم میں رواج ہے (کہ وہاں کے حاکم غیروں کے مال کو شیر مادر تصور کرتے ہیں) اور بہت کوشش کرے
کہ شراب کا نشان تک نہ رہے اور شراب کے بیچنے والے اور پینے والے اور کھینچنے والے کو حاکم عفو
کی صلاح کے بموجب ایسی سزا دے کہ لوگ نصیحت اختیار کریں اور اگر کوئی آدمی دانائی اور عقل رہانے
کے خیال سے (غلط ہے یہ قول) دوا کی طرح استعمال کرے تو اس میں دخل نہ دینا چاہیئے (شراب میں
صحت نہیں ہے یہ قول) اور غلے کے نرخوں کو سستا کرنے کی کوشش کرے اور ایسا نہ ہونے دے
کہ دولت مند بہت سارا اناج خرید کرکے جمع کرلیں اور فصل کے گزر جانے پر بیچیں اور جشن نوروزی اور
عیدوں کے تہوار منانے کی کوشش کرے سب سے بڑی عید نوروز کی ہے جس وقت کہ آفتاب اس
تحویل آفتاب برج حمل میں ہوتا ہے اور ماہ جنوری کی ابتدا ہے۔ دوسری عید اسی ماہ جنوری کی
۱۹ ویں کو ہوتی ہے اور چوتھی عید مارچ کی چھٹی تاریخ کو ہوتی ہے۔ پانچویں اپریل کی ۱۲ ویں کو چھٹی
عید مئی کی ساتویں کو ہوتی ہے۔ ساتویں عید جون کی چوتھی کو منائی جاتی ہے۔ آٹھویں جولائی کی سولھویں
کو ہوتی ہے۔ نویں اگست کی ۱۰ ویں کو ہوتی ہے۔ دسویں ستمبر کی نویں کو آتی ہے۔ اور اکتوبر کے
مہینے میں آٹھویں پندرہویں اور ۲۳ ویں کو تین عیدیں ہوتی ہیں اور چودھویں عید نومبر کی دوسری کو
ہوتی ہے اور پندرہویں دسمبر کی پانچویں تاریخ آتی ہے (قاعدہ) پارسیوں کا حساب شمسی طریقے سے
شروع ہوتا ہے اور جس طرح بارہ مہینوں کے نام مقرر ہیں اسی طرح مہینوں کے کل دنوں کے
نام بھی مقرر ہیں دنوں کے ناموں میں مہینوں کے نام بھی شامل ہیں (سوائے ماہ فروردین کے) مثلاً بہمن
گیارہواں مہینہ بھی ہے۔ اور ہر مہینے کے دوسرے دن کے نام کو بھی کہتے ہیں۔ لہذا اسی حساب سے جب
دن اور ماہ دونوں کا نام مطابق ہو جائیگا اس دن عید منائیں گے چنانچہ دے مہینے میں تین عیدیں
اس وجہ سے ہوتی ہیں کہ اسکے تین دنوں میں لفظ دے آتا ہے۔ ایک دیباذر جو آٹھویں تاریخ کا
نام ہے (۲) دے بمہر جو پندرہویں تاریخ کا نام ہے (۳) دے بدین جو ۲۳ ویں تاریخ کا نام ہے (بقیہ)

سعادت سنت رطب اللسان وعذب البیان المنة لله که روز بروز صورت اینمعنی از
مکامن قوت بمواطن فعل برحسب دلخواه ظهور نموده وهمواره امرای اخلاص منش وحکام
عدالت نژاد که نقد معاملات ایشان بر محک قبول اشرف رسیده در جمیع اطراف واقطار
ممالک محروسه برشاهراه اعتدال سلوک نموده داد دادگستری میدهند وبمیامن خدمات
پسندیده منظور نظرات تربیت وترقی گشته بمدارج عالیه ومراتب سامیه ارتقا واعتلا مینمایند وچون
سبقت عبودیت وخدمتگاری ونسبت دولتخواهی وجانسپاری عمدة الملک رکن السلطنة العلیه
مؤتمن الدولة البهیه مستشار المملکة الخاقانیه مقرب الحضرة السلطانیه وافر الاعتماد کامل
الاعتقاد مورد العنایة والاحسان نظام الدین شهباز خان که فراجدان لبساط اقدس
دیده ورده نظرهای خاص الخاص ست واز مبادی ملازمت تا غایت هر خدمتی که بدو تفویض
فرمودیم بنوعیکه مرضی خاطر اشرف ارفع بوده بتقدیم رسانیده از محض راستی ودرستی بسعادتهای
روزبروز ممتاز ست درینولا بموجب فرط عنایت وکمال التفات حکم فرمودیم که حکومت
وحراست واختیار رتق وفتق وقبض وبسط تمامی کاروبار ملکی ومالی صوبه مالوه که خلاصه
ممالک دلکشا ست از مهام خالصات ومهمات جاگیرداران وزمینداران تمام وبکمال بطریق
استقلال بعمدة الملک مشار الیه مقرر ومفوض باشد که در معموری آن بلاد وامصار وتکثیر زراعات
ومحصول وتعمیر مواضع ومزارع ومحافظت سپاهیان ودرست قلوب شکسته ورعایت خواطر رعایا
وقلع مفسدان واستیصال متمردان وتقویت ضعیفان وتنبیه ظالمان وتائید مظلومان
وجبر منکسران مساعی جمیله بروجه اکمل واتم نماید وچنان کند که علوفه سپاهیان وامراد
نابینان ارباب مناصب بنوعیکه نام بنام بدرگاه والا قرار یافته موافق حال بحاصل
بلاقصور واصل میشده باشد باید که امرای عظام وسائر جاگیرداران وکروریان وزمینداران آن
صوبه عمدة الملک مشار الیه را صاحب صوبه بالاستقلال دانسته از صلاح وصوابدید او که هرآئینه
موافق حساب مطابق قانون ابد مقرون خواهد بود بیرون نروند وهرگاه طلب نماید حاضر دربار

کا سبب ہیں، شیریں زبان اور خوش بیان رہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ ہر روز اس کام کی صورت باطنی
حالت سے ظاہری صورت میں دلی خواہش کے مطابق ظاہر ہو گئی اور ہمیشہ محبت کرنے والے امیر اور
منصفانہ طبیعت رکھنے والے حاکم جنکے کاروبار کی پونجی شاہی قبولیت کی کسوٹی پر کسی گئی۔ ممالک مقبوضہ
کے آس پاس معتدل راستے پر چلکر انصاف کرتے رہتے ہیں۔ اور اچھی خدمتوں کی برکتوں سے پرورش
اور تربیت کے منظور نظر ہوکر بڑے درجوں اور اعلیٰ مرتبوں پر بڑھتے اور ترقی کرتے ہیں اور چونکہ عمدۃ الملک
رکن سلطنت عالیہ امین سلطنت مشورہ شیر سلطنت خاقانیہ مقرب درگاہ سلطانیہ۔ وافر اعتماد کامل اعتقاد
مورد عنایت و احسان نظام الدین شہباز خاں کی سابقہ ملازمت اور نوکری اور خیر خواہی و جاں نثاری
کا جو دربار شاہی کا فرا جداں اور خاص الخاص مہربانیوں کا پرورش یافتہ ہے۔ اور ابتدائے ملازمت
سے ابتک جو کام اس کے سپرد کیا۔ اسکو جس طرح پر کہ ہماری مرضی مبارک ہوئی ختم کیا ہے، راستی اور
درستی کی وجہ سے روزانہ ترقیوں پر معزز اور ممتاز ہے۔ اس وقت عنایت کی زیادتی اور از حد توجہ خاطر
کی وجہ سے ہم نے حکم دیا کہ صوبۂ مالوہ کی حکومت (ممالک مقبوضہ کا خلاصہ) اور نگرانی سارے ملکی و
مالی کاروبار کا انتظام اور بندوبست اور ترقی و تنزل کے اختیارات خواہ شاہی کاروبار کے
متعلق ہوں یا جاگیرداروں اور زمینداروں سے تعلق رکھتے ہوں۔ سارے کے سارے مستقل طور سے
تمہارے سپرد رہیں۔ تاکہ ان شہروں اور ملکوں کو آباد کرنے اور پیداوار اور محصول بڑھانے اور قصبوں
اور کھیتوں کے بسانے اور سپاہیوں کی نگرانی کرنے اور شکستہ دلوں کی درستی اور رعایا کی دلجوئی کرنے
اور فسادیوں کے اجاڑنے اور سرکشوں کو جڑ و بنیاد سے اکھیڑنے اور کمزوروں کو مدد دینے اور غاصبوں
کو ڈرانے اور مظلوموں کا ساتھ دینے اور ٹوٹوں ہوؤں کو جوڑنے میں پوری پوری کوششیں کامل طور
سے کرو۔ اور ایسا طریقہ استعمال کرو کہ سپاہیوں امیروں اور عہدے داروں کے قائم مقاموں کی
معاش جس طرح پر دربار شاہی سے نام بنام مقرر ہوئی ہے موجودہ آمد کے موافق ملتی رہے۔ بڑے امیروں
اور کل جاگیرداروں اور کروڑیوں اور اس صوبے کے زمینداروں کو چاہئے۔ تم کو مستقل طور سے
مالک صوبہ جانکر تمہارے مشورہ اور صلاح سے کردہ ہمارے دائمی قانون و دستور کے مطابق ہوگا باہر نہوں و حسنِ تمیز و تربیت

بی شائبهٔ تاخیر و اهمال حاضر شوند و نیز حکم جهان مطاع شرف نفاذ یافت که هر کس که
بصلاح و استصواب آن عمدة الملک عمل نکند محال جاگیر او را تغیر داده بدرگاه معلی
عرضداشت نماید تا دیگری از مخلصان عتبهٔ علیه بجای او نصب فرمائیم که انتظام سلسله
جهانبانی و استحکام رابطهٔ عالم آرای باین امور که مذکور شد منسلک و منسجم ست و همچنین در جمیع ضوابط
و قوانین پادشاهی و اوامر و احکام جهانداری که هر یکی اساس بنیان سلطنت و رکن قصر
خلافت ست ثابت قدم بوده در اشاعت و اعلای آن آداب الهی کمال اهتمام لازم داند و خاطر
الهام موارد را متوجه احوال سعادت قرین خود دانسته همیشه امیدوار الطاف گوناگون
و عنایات روزافزون باشد چون مواکب انجم ثواقب شاهنشاهی درین نزدیکی به تسخیر
دکن متوجه است چه والیان آنجا سالک مسالک غفلت بوده دست تعدی ارباب
ستم کشاده اند و نیز قدر عنایت پادشاهی نداشته در لوازم اطاعت اهتمام ندارند
باید که آن رکن السلطنت بزودی بآن صوبه رفته سرانجام آن لشکر بنوعی نماید که موجب
تحسین و آفرین گردد چون رایات اقبال بشکار گوالیار نهضت فرماید آن رکن السلطنة
را با جمیع جاگیرداران صوبه مالوه حکم قضا امضا خواهد شد که بیشتر در ملک دکن رفته غمخواری
آن ملک نماید و در آسودگی و رفاهیت جمهور سکنهٔ دیار دکن از سپاهی و رعیت
مساعی جمیله بظهور آرد و هر کس آرزوی عقیدت پیش از اضطرار روی نیاز
بدرگاه آورد او را بعواطف ظل الهی امیدوار سازد که ذات مقدس ما مظهر عفو
و لطف ست فرمان حضرت شاهنشاهی در منع زکوة متصدیان حال و استقبال
و کارفرمایان کل جزو ممالک محروسه بدانند که درین هنگام سعادت که از ابتدای
جلوس بهار و رنگ جهانبانی که سنه سابع ست از قرن ثانی و آغاز انبساط بهار دولت و اقبال
و زمان انکشاف صبح جلال و جمال ست فرمان عدالت عنوان و منشور رافت بنیان
بارقهٔ بروز و شعشعهٔ ظهور یافت که چون ناموس اکبر و قانون اعظم سلطنت ابد پیوند الهی جل جلاله

بلاؤ اور تاخیر و مہلت کے بغیر حاضر ہو جائیں اور دنیا کی فرمانبرداری کرنیوالا ہمارا یہ حکم بھی جاری ہوا کہ جو کوئی تمہارے مشورے اور صلاح پر عمل درآمد نہ کرے۔ اس کے مقام جاگیر کو تبدیل کرکے ہمارے دربار میں اطلاع بھیجدو تاکہ دربار عالیہ کے کسی اور سچے خیرخواہ کو اسکی بجائے مقرر کریں۔ کیونکہ حکومت کے سلسلے کا انتظام اور بادشاہی سلسلے کی مضبوطی ان متذکرہ بالا طریقوں پر مبنی ہوئی ہے اور مبنی ہوئی ہے اور اسی طرح سارے بادشاہی قانونوں اور قاعدوں اور سلطنت کے حکم احکام ہیں (کیونکہ ہر ایک قانون سلطنت کی بنیادی نیو اور بادشاہت کے محل کا ستون ہے) ثابت قدم ہو کر ان آداب الٰہی کے شائع کرنے اور ترقی دینے میں پورا پورا انتظام لازمی جانے اور ہمارے الہام آئینہ والے دل کو اپنے اقبالمند حالات کی طرف متوجہ سمجھ کر ہمیشہ طرح طرح کی مہربانیوں کی امید اور روز افزوں عنایتوں کے آرزومند رہیں۔ چونکہ چمکنے والے ستارے جیسے شاہی سواری فی الحال دکن فتح کرنے میں مصروف ہے۔ کیونکہ وہاں کے حکام غفلت و لاپروائی کے راستے پر چلکر ظالموں نے پاپ شروع کر رکھا ہے اور عنایت شاہانہ کی قدر نہ جانکر فرمانبرداری کی تیاری نہیں کرتے۔ چاہیئے کہ تم جلدی سے اس صوبہ میں جاکر اس فوج کا اس طرح انتظام کرو جو شاباشی اور آفرین کا باعث ہو۔ جب شاہی سواری گوالیار کیطرف شکار کے لئے روانہ ہو۔ تم کو حکم خدا کیطرح جاری ہونیوالا شاہی فرمان دیا جائیگا کہ تم صوبہ مالوہ کے جاگیرداروں سمیت جلدی سے ملک دکن میں جاکر اس ملک کی فکر کریں اور کل صوبہ دکن کے باشندوں کی بھلائی اور بہتری میں جا بجا رعیت اچھی کوشش ظاہر کرے اور جو کوئی عقیدے یا محبت کی وجہ سے ہمارے حکم گرفتاری سے پہلے عاجزانہ طور سے دربار کا رخ کرے۔ تم اس کو بادشاہی مہربانیوں کا امیدوار بناؤ۔ کیونکہ ذات پاک معافی اور مہربانی ظاہر کرنے والی ہے۔

شاہی گشتی چھٹی محکمہ چنگی کو بند کر دینے کے بارے میں

ھدایت: اگر صاف مطلب سمجھنا چاہتے ہیں تو خطوط وحدانی کو چھوڑ کر عبارت پڑھیں۔

موجودہ اور آئندہ بننے والے کارندے اور کل ممالک محروسہ کے حاکم واقف ہو جائیں کہ اس (بقیہ)

قدیر بمقتضای حکمت بالغهٔ ازلی که سلسله جنبان دار و گیر عالم ایجاد و تعبیه پرداز کن مکن
دایرهٔ کون و فساد است چنان اقتضا کرده که ریاست ممالک و سیاست مدن
که عبارت است از ارتباط احوال مقیم و مهاجر و انتساق مصالح کاسب و تاجر بدستیاری
پادشاهان عادل و دیده بانی شهریاران دریادل جلوه نما و صورت پذیر باشد و یکی از وجوه
خراج که مدار علیه نظام عساکر نصرت و جنود اقبال که خارستان اعمار و اموال و حافظان عقاید
احوال خلایق اند باج اشیاست که در بازار بیع و شرا و چارسوی چمن و چرا در آمده که اگر
سنجیده میزان اعتدال ارباب صیانت و دیانت که نقادان نقود اجناس کونی
والی و مقومان اعراض انفسی و آفاقی اند گردد هر آئینه جمیع مصالح بمفاسد انجامد و تمامی
محامد بمذام کشد لله الحمد که از مبادی احوال نصفت اشتمال توجه که خاطر عدالت مناظر
و تدبیر باطن جلادت مواطن نادر رفاهیت عموم بریت و مراسم تربیت خصوص رعیت
که فی الحقیقه فرزندان معنوی و ودایع خداوندی اند مصروف بوده المنة لله که بافاضات
لوامع عدالت سواد اعظم هندوستان و دیگر ممالک محروسه منهل اصناف
ناز و نعیم و مامن مسافران هفت اقلیم ست درین ولا بموجب توسعه مراحم ذاتی و تکمله مکارم
فطری حکم نافذ و امر جازم شرف اصدار و عز ایراد یافت که از اصناف حبوبات و غلات
و نباتات از اغذیه و ادویه و روغن و نمک و شکر و اقسام عطریات و انواع کرباس و پنبه و
اسباب پشمینه و ادوات حریرینه و آلات مسینه و ظروف چوب و هیمه و نی و کاه و دیگر اشیا و
و اسباب و امتعه و اجناس که مدار معاش جمهور انام و ملاک معیشت خواص و عوام ست و اری
اسپ و فیل و شتر و گوسفند و برده و اسلحه و قماش که در تمامی ممالک محروسه تمغا و باج و زکوة و
صدیک و آنچه از قلیل و کثیر میگرفته اند معاف و مرفوع القلم بوده باشند تا این زمان که متصدیان
کارخانهٔ سلطنت امثال این امور معمول میداشته اند بملاحظه خبرداری بوده که دست تطاول
اقویا به ضعفا دراز نگردد و پای تعدی زبردستان کوته اندیش سرکوب زیردستان خاک نشین

رضا ازلی کی کامل دانائی کے بموجب (کہ اس کی یہی عالم دنیاوی کے انتظام وبندوبست کی سلسلہ جنبان
اور دائرہ دنیاوی کے لعروبنی کی آراستہ پیراستہ کرنے والی ہے) ایسا مناسب سمجھا کہ ملکوں
کی حکومت اور شہروں کا انتظام (جس سے مراد دیسی اور پردیسی کے حالات کا درست کرنا
اور دستکاروں اور سوداگروں کے اسباب معاش کا تیار کرنا ہے) منصف بادشاہوں کی مدد سے
اور سچی سلطانوں کی نگرانی سے جلوہ نما اور صورت پذیر ہو۔ اور محصول کی صورتوں میں سے ایک
صورت (جس پر اقبالمند لشکریوں اور فتمند فوجوں کے انتظام کا دارمدار ہے۔ کیونکہ فوجی لوگوں کی
عمروں کے نگراں اور خلقت کے حالات اور عقائد کے محافظ ہیں) چیزوں کا محصول ہے جو خرید
فروخت کی منڈی میں اور پوچھ گچھ کے بازار میں آیا ہے وہ اگر ایمانداروں اور نگرانوں کی منصفانہ
ترازو سے تل جائے (کیونکہ وہ لوگ کسبی اور قدرتی پیداوار اور نقدیوں کے پرکھنے والے اور روحانی
وجسمانی اسباب کی قیمت لگانیوالے ہیں) تو بیشک ساری درستیاں اور کاروبار فساد
کے درجے پر پہنچ جائیں اور کل خوبیاں برائیاں بنجائیں۔ خدا کا شکر ہے کہ انصاف پر شامل ہونے
والے ابتدائی حالات سے ہماری برادرانہ وطن رکھنے والی باطنی تدبیر اور منصفانہ نظر رکھنے والی
دلی توجہ تمام مخلوقات کی بہتری میں اور پرورشی قاعدوں میں (خاصکر کے رعیت کے بارے میں
جو دراصل باطنی اولاد اور خدا کی امانت ہے) صرف ہوتی رہی ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ انصاف
والی روشنیوں کے چمکنے سے ہندوستان کا کل علاقہ اور دیگر ممالک مقبوضہ مختلف ناز ونعمت کے
چشمے اور مسافران ہفت اقلیم کی جائے پناہ بن گئے ہیں۔ اس وقت اپنی ذاتی مہربانیوں کو بڑھانے
اور پیدائشی اخلاقی نیرنگیوں کو کامل کرنے کے لئے اس حکم قطعی اور فرمان لازمی نے صادر ہونے
اور جاری ہونے کی عزت حاصل کی کہ مختلف زراعتی بیجوں اور غلوں اور سبزیوں اور ترکاریوں
سے جیسے (خوراکیں اور دوائیں اور تیل (نمک اور کھانڈ (تھاس) اور سارے عطر اور موٹے موٹے
بورے ٹاٹ اور ردی اور ادنیٰ سامان اور چمڑے کا اسباب اور تانبے کے برتن اور لکڑی کی
چیزیں اور ایندھن اور بانس سرکنڈے گھاس وغیرہ اور اور چیزیں درمیان اور کیری (بقیہ)

نگرد واکنون که هیبت و شوکت و ابهت بادشاهی در قلوب افراد عالم نشسته و انوار عدالت و رافت در اقطار و اکناف ممالک نسق بسته و شکرانه الطاف منعم حقیقی حاصلات انهمه اشیا که خزینهٔ موفوره و گنجینهٔ معموره است بغیر از آن هفت چیز که مصالح ملکی مستثنی شده بتمام و کمال بخشیدیم باید که فرزندان کامگار و امرای نامدار و متصدیان مهمات صوبها و حکام بلاد و جاگیرداران امصار و عمال خالصات و مقاطعان سواضع و قصبات و جمیع راهداران و گذربانان و محافظان طرق و ضابطان مسالک و زمینداران حدود نامور ان ممالک مضمون فرمان را بگوش هوش جا داده در اجرای حکم جهان مطاع کمال اهتمام لازم دانند و دقیقه از دقائق امر لازم الاتباع فرو نگذارند فرمان حضرت شاهنشاهی بوراجی علی خان فرمانروای خاندیس امارت و ایالت پناه ارادت و عقیدت دستگاه نقادهٔ دودمان عزو علا عضادهٔ خاندان مجد و اعتلا زبدهٔ مخلصان سعادت کیش و خلاصهٔ مختصان صواب اندیش مورد الطاف پادشاهی مصدر آلاف خیرخواهی وافر التصدیق راسخ البرهان عمدهٔ اهل دول راجی علیخان باصناف الطاف پادشاهی و اضعاف اعطاف ظل الهی مستظهر و مستبشر بوده بداند که الحمد لله والمنة لله که بمیامن توجهات سلطانی که اثر سیت قوی از عنایات سبحانی است چنین فتحی عظیم و نصرتی فخیم از کمن بطون بمامن ظهور رو ی نمود و چون روابط اخلاص و ضوابط اختصاص آن مخلص حقیقی بدرگاه معلی ثابت و راسخ بوده موجب مزید ابهر و ی وانند یا دعزت ادادلا در نظر دوربین ما ثانیاً پیش نهاد بیان شد و بمکارم توجهات باطن قدسی مواطن شاهنشاهی در سفین مهمات کل دکن و انتظام مهام حکام آنجا با آن مصدر خیرخواهی بازگشت مستحسن آنکه قدر این عنایت کبری شکر این عطیهٔ عظمی دانسته پیش همواره در امتثال اوامر احکام مطاعه کمال سعی و اهتمام نماید که کار آن ایالت پناه روز بروز در افزونی باشد و الحق همیشه از آن مظهر خیراندیشی خدمات پسندیده که لایق خیرخواهان دوربین و کارآگاهان حقیقت بین تواند بود بظهور آمده

اب جبکہ شاہی شان و شوکت اور رعب و دبدبہ دنیا بھر کے دلوں میں بیٹھ چکا اور عنایتوں اور انصاف کی روشنیوں نے ملک کی چاروں سمتوں میں حلقہ باندھ لیا۔ خدا کی حقیقی مہربانیوں کے شکریہ میں ان تمام مذکورۂ بالا چیزوں کا محصول اور جنگی (کہ یہ آمدنی بھی پورا پورا خزانہ اور بھرپور گنجینہ ہے) (ان سات چیزوں کے علاوہ جو ملکی مصلحتوں کی وجہ سے مخصوص کر دی گئی ہیں) تمام کا تمام اور پورا کا پورا چھوڑ دیا یا بخش دیا۔ اقبالمند فرزندوں یا نامور امیروں اور صوبوں کے کاروبار کے منتظموں اور شہر کے حاکموں اور علاقوں کے جاگیرداروں اور شاہی کارندوں، قصبوں اور ضلعوں کے گرداوروں اور سارے جنگی خانوں کے افسروں اور راستے کے نگہبانوں اور چوکیداروں اور سڑکوں کے انسپکٹروں اور حلقے کے زمینداروں یا ذیلداروں اور ملکوں کے ناموروں کو چاہئے کہ اس گشتی چٹھی کے مضمون کو عقل و ہوش کے کانوں سے سنکر ہمارے دنیا بھر کے مطیع کرنے والے فرمان یا سرکلر کے جاری ہونے میں پورا پورا بند و بست لازمی جانیں اور لازمی پیروی کرنیوالے کاموں میں کسی قسم کی کمی نہ ہونے دیں (واہ واہ ابو الفضل واقعی تو قلم کا دھنی ہے۔ عتبا) **اکبر شاہی فرمان راجی علیخان حاکم خاندیس (متعلقہ دکن کے نام)** حکومت اور سرداری کو نیا ڈھنگ دینے والے محبت و عقیدت پر قابو رکھنے والے خاندانی بزرگی و برتری کے انتخاب بڑائی اور بزرگی کے مددگار۔ اقبالمند دوستوں میں سے چھٹے ہوئے خیر خواہ مخصوص بندوں میں سے چنے ہوئے شاہی مہربانیوں میں واقع ہونیوالے ہزار شاہی خیر خواہوں کے ظاہر کرنے والے بہت بڑے راست گو مستقل رائے والے حاکموں میں سے سب سے عمدہ حاکم راجی علی خاں نامی مختلف شاہی عنایتوں اور دگنے شاہانہ الطافوں سے خوشنود و مسرور ہو کر واقف ہو کہ خدا کا شکر و احسان ہے کہ شاہی مہربانیوں کی برکتوں سے (جو خداوند عالم کی زبردست عنایتوں کی نشانی ہے) اتنی بڑی فتح اور بڑی بھاری جیت پردۂ غیب سے ظاہری حالت میں نمودار ہوئی اور چونکہ تم دوست صادق کے محبت و پیار کے ربط و ضبط اور خاص تعلقات ہمارے دربار مبارک میں ثابت اور مستقل ہو چکے ہیں۔ جو پہلے تو شاہی تجربہ کی نظر میں تمہاری زیادتی عزت اور مزید آبرو کا باعث ہوئی اور دوسرے دنیا والوں کے سامنے بھی عزت و آبرو بڑھ گئی۔ اور شاہی پاک مقامات والے دل کی اعلیٰ توجہوں سے در حقیقت کل صوبہ دکن کا (بقیہ)

وهمین مرکوز وملحوظ خاطر قدسی مظاهرست وانتظام احوال آن سعادت کیشان بنوعیکه
غبار اختلال بر دامن آن نشیند پیش دید ضمیر عرش مناظر است و از آنجا که فطرت
سلیم وفطانت مستقیم آن هوشمند سعادت آثار مستیقن باطن اقدس ست باید که
همواره مطرح نظر راست بین ومطمح ضمیر سعادت گزین باشد که بتائیدات الهی وفتوحات
نامتناهی که نقوش ناصیهٔ اقبال درقوم رانجیهٔ احوال ما ست انقیاد واطاعت حضرت ما دیباچه
ازدیاد سعادت والقای دولت ارباب دین ودول ست ومخالفت وانحراف از قبله گاه
عتبهٔ ما عنوان شقاوت ابدی ودلیل زوال سرمدی اصحاب ملک وملل بر عالمیان هویداست
که ابتدای جلوس براورنگ جهانبانی تا امروز که سنه سابع ست از قرن ثانی واول بهار
سلطنت ونوروز سال اقبال ست بهر طرف که لوای عزیمت برافراشته ایم وعنان توجه معطوف
داشته فتح واقبال طلایهٔ عساکر اجلال ومقدمهٔ جنود افضال بوده ودرین مرتبه نهضت رایات عالیات که بجانب
پنجاب اتفاق افتاده بود بجهت تصفیه کابل وتسخیر ولایت کشمیر وتنبیه جوش افاغنه وتادیب بلوچان
صوبه قندهار بوده بتائید غیبی هر اراده که در باطن الهام مواطن ما که مرات جهان نمای غیبی ست
صورت بسته بود خوبتر از آن در عالم ظهور آمده اگرچه استخلاص قندهار وسیستان نیز مکنون خاطر اشرف
بود اما چون عظمت وشوکت دستگاه شاه عباس که فرمانروای ایران ست بود ورابطهٔ یکجهتی سابق
را منظور داشته ایلچیان کاردان مع عرائض اخلاص وهدایای گرامی بدرگاه معلی فرستاده
اظهار اخلاص وانکسار نموده استمداد همت وهرگونه استعانت کرده بود واز قدیم الایام
آبا واسلاف او مستمد از ظهور دولت خود را از عنایت حضرت صاحبقرانی میدانسته اند چنانچه
استخلاص امرای روم استطلاق رؤسای آن مرز وبوم باستدعای جد بزرگ شاه اسمعیل
وخروج او به نیروی آن جماعت از جرائد تواریخ ظاهرست وروابط حضرت جنت آشیانی
بادشاه ببرور مغفور معلوم همگنان درینولا که ایشان را کار پیش آمده باشد فتوت
پادشاهی اقتضای آن نمود که عساکر منصوره را از عبور بدان نواحی ممنوع فرمودیم وقندهار را

اور یہی خیال بادشاہ کے مبارک دلمیں پوشیدہ طور سے بیٹھا ہوا ہے اور تم خیر خواہ کے حالات کی بہتری (اس طرح پر کہ اختلاف کا غبار اس کے دامن پر نہ بیٹھے) بادشاہ کے بلند دل کے مدنظر ہے۔ اور چونکہ تم عقلمند اور اقبالمند کی راست بیں دانائی اور درستی طبیعت شاہی دل میں جمی ہوئی ہے اس لئے تم کو بھی چاہئے کہ ہمیشہ راست بینی تمہارے مدنظر اور خیر خواہی تمہارے دل کے سامنے ہو۔ کیونکہ خدا کی مددوں کے ساتھ اور از حد فتوحات کی وجہ سے (جو ہماری اقبالمند پیشانی پر کے نقشے اور ہمارے ستارے کی تحریریں ہیں یعنی ہم خوش نصیب اور تائید یافتہ ہیں) ہمارے دربار کی خیر خواہی اور فرمانبرداری زیادتی سعادت کی ابتدا ہے۔ اور حکمائے دنیا اور علمائے مذہب کی شریعت وحکومت کے لئے باعث زندگی ہے اور ہمارے آستان دولت سے پھرنا اور مخالف ہونا۔ دنیا والوں مذہب والوں اور حکومت والوں کے لئے دائمی بدنصیبی کا عنوان اور مدت العمر کے لئے مٹنے اور برباد ہونے کی ظاہرہ دلیل ہے اور ابتدائے تخت نشینی سے ابتک کہ اس وقت ۳۷ واں برس ہے۔ اور سلطنت کی ابتدائی بہار اور اقبال وبخت کے لئے سال وروز کی مثال ہے جس طرف کہ شاہانہ جھنڈوں کو بلند کیا۔ اور ارادے کی باگ کو موڑا فتح واقبال زبردست فوجوں کا نگہبان اور عنایت والے لشکروں کی ابتدا بن گیا۔ اور اب کے بار جبکہ بلند جھنڈوں کی روانگی پنجاب کی طرف واقع ہوئی تھی تو صلح کابل اور فتح کشمیر کے لئے اور وحشی افغانوں کو تنبیہ کرنے اور صوبہ قندھار کے بلوچیوں کو سزا دینے کے لئے ہوئی تھی۔ خدا کی امدادوں سے جس ارادے نے ہمارے الہام والے دلمیں (جو بھی جام جہاں نما ہے) صورت قبول کی تھی۔ وہ ارادہ اس سے بھی اچھی شکل میں ظاہر ہوا۔ اگرچہ قندھار اور سیستان کا آزاد کرنا بھی قلب شاہی میں پوشیدہ تھا۔ چونکہ عظمت وشوکت دستگاہ شاہ عباس نے جس سے ایران کی حکومت متعلق ہے) پہلی محبت کے سلسلے کو نظر میں رکھکر تجربے کار ایلچی محبت والی عرضیوں سمیت اور اعلیٰ تحفوں کے ساتھ ہمارے دربار بزرگ میں روانہ کرکے عاجزی اور محبت ظاہر کرکے ہماری ہمت سے ہر قسم کی مدد اور اعانت طلب کی تھی اور اس کے بزرگ قدیم زمانے سے اپنی سلطنت کی ابتدا حضرت امیر تیمور صاحبقران کی مہربانی کی وجہ سے سمجھتے رہے ہیں۔ چنانچہ شاہ اسمٰعیل صفوی کے دادا شاہ صفوی نعیم

بمیرزایانی که از منتسبان آن دودمان نهند مسلم داشتیم و سیر کشمیر که از عنفوان ما حال
مطلوب و مرغوب خاطر اشرف اقدس بود بعد از فتح آن خواستیم که سجدهٔ شکرگزاری
پروردگار بر آن سرزمین که از عطیات مجددهٔ الٰهی بوده بجا آوریم باوجود جبال مرتفع و
متصاعده و اشجار عظیمه متراکمه و طغیان آبهای طوفانی که در راه بود مرور و عبور
عساکر منصوره از آن جاده محال می نمود بتوفیق ایزدی با موکب عالی روی توجه
بآن حدود در آوردیم و حکم عالی شده بود که چند هزار خاراتراش چابکدست پیش
پیش خانهٔ عالی سیر رفته در تفتیح و توسیع راه بدطوری مینمودند چنانچه در اندک
فرصتی تا اقصای کشمیر و کوهستان تبت سیر فرموده طنطنهٔ کوس عزیمت بجانب کابل بلند
ساختیم و مجددا عرصهٔ لطافت سرشت کابل را مخیم جنود افضال ساخته طرح قلعهٔ جدید که حصن حصین
حفظ الٰهی تواند بود بنفس نفیس خود انداختیم و چنان مکنون خاطر دور اندیش بود که جمعی
از بهادران شجاعت پیشه را بیشتر تعین فرموده ولایت بدخشان را مستخلص ساخته
بمیرزا شاهرخ مرحمت فرمائیم لیکن درین اثنا ایلچیان حکومت پناه شجاعت دستگاه عبدالله خان
اوزبک با تحف و هدایای متوافره مکرر بطریق تواتر و توالی بدرگاه عالم پناه رسیدند چون
مطرح نظر بلند بین غیر از موافقت و اخلاص از ارباب دول امری دیگر نیست لاجرم
بدولت و اقبال مراجعت نموده بدار الملک لاهور که مرکز ممالک محروسه است نزول اجلال
فرمودیم و تنبیه و تادیب افغانان کوه نشین کوتاه بین بنوعی شده که اکثر حلقه بندگی در گوش کشیدند
و آنانکه سر از قبلهٔ اقبال تافتند هزاران هزار سر بر جبال سطوت و جبروت ما که ظلال قهر و جلال
کبریای الٰهی ست می گشتند و در سمرقند و بخارا و ترکستان بفروخت میرفتند و چون ازین ناحیه
خاطر اشرف بالکل جمع شده بمشیت الله تعالی درین زودی در ساعت مسعود و زمان محمود که
منتخب بلند بینان زوایای نهانی و مختار دقائق شناسان جداول آسمانی باشد بدار السلطنة
آگره مراجعت میفرمائیم و بر منتظران مقدم عالی ابواب فیض و افضال میگشائیم و پیش از انتهاس

ان مغلوں کے سپرد کردیا جو اس خاندان کے متعلقین میں سے ہیں اور کشمیر کی سیر جو ابتدائے جوانی سے اس وقت تک ہمارے شاہانہ دل کو پسندیدہ اور مرغوب تھی ہم نے چاہا کہ کشمیر فتح ہونیکے بعد اس سرزمین پر سجدۂ شکر پروردگار بجالائیں (جو خداوند عالم کی جدید عنایتوں میں سے ہے) اونچے اور دشوار گزار پہاڑوں کے ہوتے ہوئے اور بڑے بڑے جھنڈ والے درختوں کے ہوتے ہوئے اور طوفانی ندیوں کے باوجود (جو راستے میں واقع تھیں) فتحمند فوجوں کا وہاں سے عبور کرنا محال دکھائی دیتا تھا۔ لیکن ذات خدا پر بھروسہ کرکے شاہی سواری کے ساتھ اس علاقہ کی طرف متوجہ ہوئے اور ہم نے حکم دیدیا تھا کہ کئی ہزار بیلدار ہوشیار شاہی شامیانے کے آگے چلتے تھے اور راستے کے کھولنے اور چکلا کرنے میں پورا کمال ظاہر کرتے تھے۔ چنانچہ تھوڑے دنوں میں تبت کی پہاڑیوں اور کشمیر کے علاقے تک سیر کرکے شاہی ارادہ کا نقارہ کابل جانے کیلئے بجایا اور دارالسرور کابل کے پاکیزہ میدان کو مہربانیوں کی فوجوں کا خیمہ گاہ بناکر جدید قلعہ بنانیکی بنیاد بذات خاص ڈالی (جو حفاظت خدا کا مضبوط قلعہ بنجائیگا) اور دوراندیش دل میں یہ بات پوشیدہ تھی کہ بہادروں کے ایک دستے کو پہلے مقرر کرکے ملک بدخشاں کو چھوڑواکر مرزا شاہرخ کو بخشدیں لیکن اسی عرصے میں حکومت پناہ شجاعت دستگاہ عبداللہ خاں ازبک کے ایلچی بہت سارے تحفوں اور نذرانوں کے ساتھ پے درپے ہمارے دربار میں آپہنچے۔ چونکہ ہماری بلند بیں نظر کے مدنظر سوائے محبت و دوستی کے اور کچھ نہیں ہے۔ مجبوراً دولت و اقبال کے ساتھ واپس ہوکر دارالخلافہ لاہور میں (جو ہماری سلطنت کا مرکز ہے) تشریف لے آئے اور پہاڑی افغانوں کی تنبیہ اور تادیب اس طرح پر کیگئی کہ بہت سے ان میں سے فرمانبردار ہوگئے اور جنھوں نے ہمارے اقبالمند دربار سے سرکشی کی ہزارہا ہماری شان وشوکت اور زبردستی کی رسی میں گرفتار ہوگئے (کیونکہ ہماری شان وشوکت خدائے بزرگ کے قہر و جلال کا نمونہ یا سایہ ہے) اور چونکہ شاہی دل اس علاقے کے انتظام سے مطمئن ہوگیا ہے۔ خداوند عالم نے چاہا تو جلدی سے اچھے وقت اور نیک گھڑی میں (کہ وہ نیک گھڑی آسمانی پوشیدہ گوشوں کے واقف کار نجومیوں کی چھانٹی ہوئی اور برج فلکی کے ممتاز جوتشیوں کی چنی ہوئی ہوگی) دارالخلافہ آگرہ کو واپس جائینگے (بقیہ

الویه مواکب عالی چون اندیشهٔ انتظام بخش جهانیان بمزید ترفیه و تعمیر صوبهٔ مالوه مصروف
گشته شاهزادهٔ کامگار برخوردار غرّهٔ ناصیهٔ دولت و اقبال قرهٔ باصرهٔ عظمت و اجلال
درة التاج فرخی و فیروزمندی واسطة العقد سعادتمندی و حق پسندی فرزند ارجمند شاه مراد
را بآن صوبه سپهر سیتم لایق آنکه امیخی راعین نزول رحمت الٰهی محض ورود سعادت نامتناهی دانسته
در لوازم اطاعت و اخلاص مساعی جمیله تقدیم نماید و تازگی خود را مورد عنایت خسروانی
گرداند و چون قرب مسافت ردی نموده همواره کسان را با عرائض اخلاص فرستاده
مراسم یکجهتی بتقدیم میرسانیده باشد و هرگاه آن زبدهٔ ارباب اخلاص را در امرای از امور احتیاج
بامداد و کمک شود حقیقت احوال مشروحاً بعرض گرامی شاهزاده کامگار رساند که سفارش
آن زبدهٔ مخلصان بحضور اشرف فرموده ایم که آن مخلص هواخواه را از یکجهتان خاص و
ثابت قدمان شاهراه اخلاص دانسته در همه باب انواع امداد و اعانت نماید درین هنگام
که نسبت آن عمدهٔ ارباب عقیدت بایں درگاه نبوی درست شده که بالتماس و استدعای
او مهمات دیگران ساخته و پرداخته آید چه جای مطالب و مقاصد آن مخلص هواخواه باید
که هیچ گونه اندیشه بخود راه ندهد و قرب و جوار شاهزادهٔ جوان بخت از مقدمات دولت روز
افزون خود دانسته در مراسم اطاعت اهتمام نموده منشرح خاطر و مسرور دل باشد و بر هوشمندان
جنیز پوشیده نیست که سلاطین عالیمقدار که تسخیر عالم و عالمیان پیش نهاد همت والا نهمت
ایشان ست از حکام دیار و ولات اقطار جز اخلاص و اطاعت مطلوب مقصود ندانسته اند و
دولتمندی که بمقتضای دوربینی و کاردانی خود این معنی را منظور داشته در تاسیس مبانی اخلاص و
عقیدت رسوخ نماید هر آینه ننگ و ناموس او بحال خود مانده موجب اعزاز و ترقی گردد و آن عقیدت پناه
خود از مخلصان قدیم و هواخواهان مستمر الاخلاص ست و آنکه در آن مرتبه که اعتضاد الممالک العظمی اعتماد
الخلافة الکبری قدوة الخوانین العظام عمدة الامراء الکرام رکن السلطنة العلیه مبارز الدین اعظم خان
بدان حدود رفته بود لوازم خدمت از آن خیر اندیش بوجود نیامد بواسطهٔ بعضی امور که محتاج

اور چونکہ شاہی سواروں کے جھنڈوں کی روانگی سے پہلے ہی دنیا والوں کے لیے انتظام بخشنے والا شاہی خیال صوبۂ مالوہ کے بسانے اور ترقی دینے کی طرف متوجہ ہو چکا ہے۔ اس لیے بلند اقبال برخوردار جبین اقبال کی روشنی عظمت و جلال کے خنکی چشم سیارگی اور عقلمندی کے تاج کے درِ شاہوار حق پسندی اور سعادتمندی کے ہار کے بڑے موتی شہزادہ ارجمند سلطان مراد کو اس صوبہ میں بھیجے دیتے ہیں۔ یہ مناسب ہے کہ اس امر کو خاص رحمت خدا کا نازل ہونا اور ازدیاد اقبالمندی کا وارد ہونا سمجھ کر فرمانبرداری اور دوستی کے اسباب کو پورا کرنے میں کوشش کامل صرف کی جائے اور از سرنو اپنے کو عنایات شاہانہ میں واقع کرے اور چونکہ شہزادے کے وہاں پہنچ جانے کا راستہ نزدیک ہو گیا اس لیے ہمیشہ لوگوں کو دوستانہ خطوط روانہ کر کے باہمی اتفاق کی رسموں کو پورا کرتے رہیں اور تم دوستوں میں سے خاص دوست کو جس وقت کسی کام میں مدد و اعانت کی ضرورت واقع ہو شہزادے مراد کی خدمت میں پوری پوری تشریح کے ساتھ حالات عرض کریں۔ کیونکہ ہمنے تمہاری سفارش شہزادے صاحب سے زور دار زبانی خاص کی ہے کہ وہ تم کو خاص دوستوں میں سے اور راہ محبت پر مستقل رہنے والوں میں سے جان کر ہر کام میں ہر طرح کی مدد و اعانت کریں۔ اس وقت ہمارے دربار میں تمہارا تعلق ایسا رہ گیا ہے کہ تمہاری خواہش اور مرضی کے موافق اور وعدوں کا انتظام و بندوبست کیا جائے۔ تمہارے مطلبوں اور مقصدوں کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ تم کو لازم ہے۔ کہ اپنے دل میں کسی قسم کا خیال نہ پیدا ہونے دو۔ اور شہزادے مراد کے قریب ہونے کو اپنے روز افزوں اقبال کی ابتدائی صورتیں تصور کر کے اطاعت کے قاعدوں پر عمل کر کے خوشنود اور مسرور رہو اور سیانے داناؤں پر چھپا ہوا نہیں کہ جن عالی رتبہ بادشاہوں کی بلند ہمت کے سامنے دنیا بھر کا فتح کرنا مقصود ہے ملکی حاکموں اور اطراف و جوانب کے والیان ملک سے سوائے دوستی اور اطاعت کے اور کچھ مطلب نہیں رکھتے۔ اور جو بھاگوان اپنی دوربینی اور تجربہ کاری سے اس امر کو مدنظر رکھ کر محبت و اعتقاد کی بنیادوں کو مضبوط کرنے کی کوشش کرے تو بیشک اسکی عزت و آبرو برقرار رہ کر ترقی کا سبب ہو۔ اور تم تو خود ہی قدیمی دوستوں میں سے اور دائمی (بقیہ)

شرح نیست بوده نه آنکه در اخلاص آن راسخ الاخلاص فتوری رفته باشد لهذا در بارهٔ او
انواع عنایات فرموده میان عالمیان امتیاز بخشیدیم و از جملهٔ مراحم شاهنشاهی آنکه آن
امارت پناه عمدة الملک مستشار الدوله موتمن السلطنه قدوهٔ مقربان سریر زبدهٔ محرمان اسرار ضمیر معتمد
ارباب علم و حکم مظهر فیض ازلی و فضل اتم جامع کمالات صوری و معنوی ناظم مآثر دینی
و دنیوی علامی شیخ ابوالفضل که از دمسازان بزم عرفان سرشت ماست نسبت قرابت
فرمودیم تا چنانچه علامی مشار الیه نقادهٔ مخلصان درگاه است آن مورد حق پسندی نیز مجموع
باطن و مطمئن خاطر گشته در سلک کمال ارباب اخلاص درآید و همواره او را بنظر محرمیت دیده
وار یکجهتان صمیم القلب تصور فرموده عنایاتی که در خاطر صلاح اندیش او خطور نکرده باشد
بظهور رسانیم تا موجب امیدواری عالمیان گشته دستور العمل اخلاص جمیع بزرگ نژادان
عالم گردد درینولا مخطور بخاطر قدسی شده بود که چون آن خیرخواه قدیم مجدداً مصدر خدمات
پسندیده شده از روی اعزاز و اکرام بحضور اقدس طلبیده مشمول انواع عنایات ساخته رخصت
فرمائیم تا من بعد هیچ احدی در بارهٔ آن وافر الاعتماد سخن ناشایسته بمسامع عالی نرساند و بازار
ارباب غرض کساد پذیرد اما بواسطهٔ آنکه آن حدود را خالی گذاشتن از مسافت بعید طلب داشتن
لایق نبود عنان اراده ازین ادا منحرف ساخته بخاطر اشرف رسید که کسی را باید فرستاد که دیدن
او حکم دیدن ما داشته باشد تا حقیقت اخلاص عقیدت صمیم آن مصدر آداب خیراندیشی فهمیده
بعرض اشرف رساند بنابر آن افادت و افاضت مآب حکمت و معرفت نصاب جامع المعقول
والمنقول حاوی الفروع والاصول عمدهٔ مخلصان درگاه زبدهٔ مخصوصان بارگاه مقرب الحضرة
السلطانیه اعتماد الدولة الخاقانیه المخاطب بملک الشعرا شیخ ابوالفیض فیضی را که در ظلال
عنایت ما تربیت یافته و هرگز از بارگاه والا تجویز دوری او نفرموده ایم و رموزدانی و نکته‌بینی
و دوربینی و آدم شناسی و مراتب اخلاص فهمی و مدارج اعتقادشناسی او در حضرت ما ظهور تمام
دارد پیش آن نقادهٔ ارباب اخلاص فرستادیم که صنوف عنایات ما را کماهی خاطرنشان

کچھ اس وجہ سے نہ تھا کہ تم سچے خیر خواہ کی دوستی میں کسی قسم کا فرق پیدا ہو گیا تھا۔ اور اسی لئے اس کا لحاظ کر کے تمہارے ساتھ طرح طرح کی مہربانیاں ظاہر کر کے دنیا والوں میں دست بہ زیادہ عزت بخشی اور شاہانہ عنایتوں میں سے یہ امر بھی ہے کہ اگرچہ عمارت پناہ عمدۃ الملک مستشار الدولہ امین السلطنت تخت شاہی کے مقربان درگاہ کا پیشوا۔ دلی بھیدوں کے واقفوں کا خلاصہ علما اور حکمار کا راہبر۔ مکمل بخشش اور پوری عنایتوں کا جائے ظہور۔ ظاہری اور باطنی خوبیوں کو جمع رکھنے والا۔ مذہبی اور دنیاوی عمدہ علامتوں کا نظم کرنے والا علامہ شیخ ابوالفضل سے (جو ہماری معرفت والی خفیہ مجلس کے دوستوں میں سے ہے) رشتہ داری کے متعلق فرما دیا ہے۔ تاکہ جس طرح ابوالفضل ہمارے دربار کے چیدہ اشخاص میں سے ہے۔ تم خود پسند بھی باطنی اتفاق سے مطمئن ہو کر خاص دوستوں کی شمار میں آجاؤ۔ اور ہمیشہ تمکو بھیدی واقف کاروں کی آنکھ سے دیکھکر اور سچے متفقہ دوستوں میں سے خیال کر کے وہ خاص عنایتیں جو کبھی تمہارے اچھے گمان میں بھی نگزری ہوں۔ ہم ظاہر کریں تاکہ دنیا بھر کی امید و آرزو کا باعث ہو کر سارے جہان کے شرفا کیلئے اخلاص کا قاعدہ بنجائے۔ اس وقت قلب شاہی میں گزرا تھا کہ چونکہ تم قدیمی خیر خواہ از سر نو پسندیدہ خدمتوں کے ظاہر کرنے والے ہوگئے ہو۔ اسلئے بطور عزت و تعظیم تم کو بلوا کر مختلف عنایتوں میں شامل کر کے واپس رخصت کر دیں تاکہ اس کے بعد آئندہ کوئی شخص تم قابل اعتماد شخص کے بارے میں ناشائستہ بات ہمارے گوشگذار نکرے اور خود غرض لوگوں کے خیالات فاسد ہو جائیں (یا ان کا بازار بدرونق ہو جائے) لیکن اس علاقے کو خالی چھوڑنے اور دور کی منزل پر بلانے کے خیال سے مناسب نہ معلوم ہوا۔ اس ارادے کو بدل کر ہمارے دل میں آیا کہ کسی آدمی کو روانہ کرنا چاہئے۔ کہ جسکی ملاقات ہماری ملاقات کی برابر ہو۔ تاکہ تم خیر خواہی ظاہر کرنے والے کے طور طریقوں کو سمجھ کر تمہارے اعتقاد کی مضبوطی اور دینی مطالب کی حقیقت کو ہمارے سامنے بیان کرے اس خیال سے تاکہ فیض اور فائدہ پہنچانے والے حکمت اور معرفت کا پورا حصہ رکھنے والے منقولات اور معقولات (علم فلسفہ و علم شریعت) کو جمع کرنے والے (بقیہ)

ساخته آن خیرخواه سعادت انتباه را بجلائل توجهات پادشاهی ومکارم عنایات نامتناهی واثق نماید و تمنائی که مرکوز خاطر اشرف ارفع ست باتمام رساند وسرانجام حقیقت عقیدت واخلاص ودقائق عقیدت واختصاص از ضمائر فهمیده بعیار دانش سنجیده بموقف سمع عالی معروض دارد باید که آن مخلص خیراندیش سخنان حقایق بنیان ما را چه از آنچه در فرمان عنایت مشحون مندرج ست و چه آن کلمات قدسی سماعت که زبانی با فاضت مآب مشار الیه در خلوت فرموده‌ایم بسمع دانش اصغا نموده مراتب الطاف خسروانی ومدارج اعطاف خاقانی را بعقل دوراندیش خود دریافته آنچنان اهتمام مخلصانه بکار آگاهانه نماید که حکام دکن کلهم علی الخصوص حکومت پناه امارت انتباه منظور انظار خاقانی مشمول الطاف سلیمانی برهان نظام الملک که مجدداً تربیت یافته این درگاه است لوازم نیکوخدمتی وقوانین حق شناسی بروجه اتم واکمل بظهور رسانند وسخنان کوتاه اندیشان ناعاقبت بین از جاده اطاعت و عقیدت انحراف نورزند چه این معنی باعث عنایات آن مخلص حقیقت گزین هم موجب امن و امان خلایق آن دیار خواهد بود وچون مدتی بود که وکلاء عرائض حکام دکن بدرگاه گیتی پناه نرسیده بود درین مرتبه بخاطر اشرف میرسید که بحکام دکن کس فرستاده شود لیکن از آنجا که عنایت پادشاهی عام است و آن مخلص خیرخواه را با آنها ارتباط تمام است از علاوه عنایت با آن هواخواه حقیقی دانسته چندی از مقربان درگاه را که بمزید عنایت والتفات مخصوص اند همراه افاضت پناه مذکور فرستادیم باید که در سامان وسرانجام آن جماعت و زودی روانه ساختن بدرگاه معلی کمال سعی لازم داند بمقتضای ظهور الطاف عالیه اظهار ما فی الضمیر نموده هر مطلب و مهمی که باشد بوسیله افاضت مآب موما الیه معروض درگاه معلی سازد که از آنجا که کمال عنایت قدسی سرایت درباب آن زبده مخلصان هواخواه مرکوز باطن اقدس ست همه در معرض قبول و انجاح مقرون خواهد بود وبموجب وفور عنایت والتفات که بآن اخلاص شعار داریم خلعت خاصه و شمشیر مرصع و دو راس اسپ عراقی و دو در اسهار و یک قطار شتر نر ولایتی جهت آن مخلص خیراندیش فرستادیم باید که بتسلیم و دیده

تم اقبالمند خیر خواہ کو بڑی شاہانہ عنایت کی طرف اور از حد اعلیٰ نوازشوں کی طرف اطمینان دلا دے اور جو خفیہ باتیں کہ ہمارے بزرگوار دل میں ہیں، بخوبی بیان کر دے اور تمہارے عقیدے اور محبت کی پوشیدہ حقیقتوں اور مخصوص اور معتقدانہ باریکیوں کو عقل کی کسوٹی پر کس کر امتحان لیکر ہمارے گوش گذار کرے۔ مناسب ہے کہ تم خیر خواہ دوست ہماری سچی باتوں کو خواہ ہمارے عنایت نامے میں درج ہیں اور خواہ پاک نشانیوں والی باتیں جو کچھ بھی فیضی سے خلوت میں کہدی ہیں عقل و ہوش کے کانوں سے سنکر شاہی مہربانیوں کے رتبوں اور سلطانی عنایتوں کے درجوں کو اپنی دور اندیش عقل سے جانچکر اس طرح پر خالص دوستانہ اور تجربے کار صورت نکالو کہ سارے صوبہ دکن کے حاکم خاصکر حکومت کو پناہ دینے سردار سے واقفیت رکھنے والا اور نظر شاہی میں منظور ہونے والا بادشاہی الطافوں میں شامل ہونے والا برہان نظام الملک (جو زیر سایہ ہمارے دربار کا پروردہ شدہ ہے) اچھی خدمتوں کی تیاری اور نمک حلالی کے قانونوں کو بخوبی تکمیل کر دے اور وہ ناعاقبت اندیش جاہلوں کی باتوں پر اطاعت اور اعتقاد کے راستے سے منحرف نہ ہو جائے کیونکہ یہ امر تم حقیقت پسند دوست کے اعتبار کا باعث اور صوبہ دکن کی مخلوق کے امن و امان کا باعث ہوگا اور چونکہ عرصہ ہو گیا تھا کہ دکن کے حاکموں کی درخواستیں اور وکیل ہمارے دربار میں آئے اب کے ہمارے دل میں بھی آیا کہ کسی کو ان کے پاس دکن روانہ کیا جائے چونکہ شاہی نوازش عام ہے اور تمہارا احکام دکن سے پورا ربط ضبط ہے۔ اس وکالت کے عہدے پر دیگر شاہانہ نوازشوں کے علاوہ تمہارا حق سمجھ کر چند دربار کے مقرب لوگ جو خاصکر شاہی عنایت و مہربانی میں مخصوص ہیں، فیضی کے ساتھ بھیجے ہیں۔ تم لوگوں کو چاہیے کہ ان لوگوں کے اسباب و سامان کی تیاری میں اور جلد دربار شاہی کو واپس کر دینے میں پوری پوری کوشش بجا لاؤ اور ہماری شاہانہ عنایت کے موافق دلی منشا ظاہر کر کے جو مطلب اور مشکل کام در پیش ہوا ناصحت پناہ فیضی کے ذریعہ سے ہماری جناب میں عرض کرو چونکہ قلب شاہی میں بہت ہی پاکیزہ اثر والی مہربانی تم جیسے خیر خواہ سچے دوست کے بارے میں پوشیدہ ہے۔ تمہارے تمام مطالب اور مشکلات قبول اور تکمیل سے نزدیک ہونگے (بقیہ)

خاطر خود را جمع داشته توجه باطن اقدس را شامل انتظام احوال و کافل حصول مقاصد و امال خود دانند و چون همواره توجه عالی در تربیت و ترفیه مستعد آن طوائف انام سیما طبقه ارباب علم و حکمت مبذول ست مردم حکمت و حذاقت مآب فضائل اکتساب جالینوس الزمانی حکیم مصری را که در آں حدود دانند چناں کنند که بالکل بدرگاه معلی رسیده بحکمت مآب مشار الیه ملحق شوند و بعضے کارہا که مشار الیه آنجا را دارد به نیک وجه انصرام باید که از مرضیات خاطر اشرف خواهد بود پیوست خاطر ملکوت ناظر را متوجه حصول امانی و امال خود دانسته امیدوار عنایات گوناگون باشد.

فرمان حضرت شاهنشاهی به برهان نظام الملک مسند نشین احمد نگر

حکومت و ایالت پناه اخلاص و عقیدت دستگاه عمدة اعاظم حکام زبدة اماجد انام اسوه مخصوصان درگاه نقاده مخلصان خیرخواه منظور انظار خاقانی مشمول الطاف سبحانی مهبط عنایات متوالی مطرح توجهات متعالی کامل الاعتقاد وافر الاعتماد برهان نظام الملک بجلائل مکارم شاهنشاهی و جزائل مراحم ظل الهی مفتخر و مباهی بوده بداند که چون آن شوکت دستگاه از صدق طویت التجا بدرگاه گیتی پناه ما که موطن صاحبان ناز و نعیم و ملجا مستعدان هفت اقلیم ست آورده بود و همواره مرکوز ضمیر الهام پذیر میگشت که ولایت دکن با و تفویض یابد و ظهور این امر جلیل موقوف بسعادت وقت بود الحمد لله آں طور فتحی که خاطر قدسی میخواست و بخیال در نمی آمد بتوجه اقدس صورت یافت و عمده اماجد عظام راجی علی خاں که مکرراً بفرمان عنایت منشور و التفات سرافراز گشته باں خدمت مامور شده بود بوسیله ظهور آں مورد فرمایا اعتبار و اعزاز شاهنشاهی بر ... نی بخت قدر آں داند و همیشه حضور اشرف ما را بخاطر داشته در اظهار آثار اخلاص و عقیدت که سرمایهٔ دولت دو جهانی و پیرایه آبروی جاودانی ست جهد موفور نماید و درین هنگام که اندیشهٔ انتظام بخش جهانیاں بمزید ترفیه و تعمیر ولایت مالوه مصروف شده و شاهزادهٔ کامگار برخوردار غرهٔ ناصیه دولت و اقبال قرة باصره عظمت و اجلال درة التاج فرخی و فیروزمندی واسطة العقد سعادتمندی و حق پسندی فرزند ارجمند شاه مراد را بانصوب سفر مستقیم

ہماری باطنی توجہ کو اپنی امیدوں اور مقصدوں کے حاصل ہونے کا ذمے دار اور حالات و انتظام
کی روشنی پر شامل خیال کریں اور جبکہ ہمارا شاہانہ دھیان لوگوں کی بھلائی اور بہتری پر شامل
ہے خاصکر صاحبان علوم فنون کے بارے میں تو علم و فن کے پناہ دینے والی بزرگیوں اور کمالات
کے حاصل کرنے والے جالینوس زمانہ حکیم مصری کے بال بچے جو تمہارے علاقے میں ہیں ایسا کریں
کہ سب دربار میں پہنچکر انہی حکیم مصری کے ہمراہ رہیں اور جو کاروبار وہاں کے حکیم مصری کے متعلق ہیں
وہ بخوبی مکمل ہو جائیں۔ کیونکہ ان کی تعمیل ہمارے قلب مبارک کی پسندیدگی کا باعث ہوگی عالم
روحانی کے ملاحظہ کرنے والے شاہی دل کو اپنے مقصدوں اور مطلبوں کے کامیاب بنانے کی طرف
متوجہ سمجھکر ہر قسم کی عنایتوں کے امیدوار رہیں۔ **اکبر شاہی حکمنامہ برہان نظام الملک
احمد نگر کے مسند نشین کے نام**۔ حکومت و سلطنت کے پناہ دینیوالے محبت دینداری پر قابو رکھنے والے
سب سے عمدہ دنیاوی لوگوں کے خلاصے۔ دربار کے مخصوص سردار۔ خیر خواہ ملازموں سے چیدہ شاہی
منظور نظر۔ خدائی مہربانیوں میں شامل ہونیوالے۔ متواتر عنایتوں میں وارد ہونے کی جگہ۔ خدائے
بزرگ کی توجہوں کے مقام نظر۔ پورا اعتقاد اور زیادہ بھروسہ رکھنے والے برہان نظام الملک نامی
(جو شاہی اعلیٰ خدمتوں اور سلطانی اعلیٰ مہربانیوں پر فخر و افتخار کرنے والا رہا ہے) واقف اور خبردار رہے
کہ چونکہ تم زبردست طاقت والے سچے ارادے سے ہماری دنیا کو پناہ دینے والی درگاہ میں خواہش و
آرزو کو لے کر آئے تھے۔ جو ناز و نعمت، والے لوگوں کا وطن اور ساتوں ولایتوں کے قابل لوگوں کی
جائے پناہ ہے۔ اس سے غیبی خبر رکھنے والے دل میں یہ خیال آتا تھا کہ صوبہ دکن تم کو سونپ دیا
جائے مگر اس کا یہ بزرگ کام مبارک وقت پر موقوف تھا۔ شکر خدا کہ بادل جس قسم کی فتح مندی
چاہتا تھا شاہانہ توجہ کے ساتھ اس سے بھی بڑھکر جسکا کسی کو خیال تک نہ تھا ظاہر ہوئی اور اس کی
وجہ سے بڑے سرداروں میں سب سے عمدہ راجی علی خاں زیادہ اعتبار و عزت شاہی میں واقع
ہوا جو اس کام پر لگایا تھا۔ یہی راجی علی خاں کئی بار رہ چکے تھے، شاہی عنایت نامے اور خوشنودی
والے فرمان سے معزز ہوا ہے (اب جبکہ صوبہ دکن فتح کر کے تم کو دیا گیا) تو مبدا قبالی (بقیہ۔۔۔

آرا و رو سعادت انگاشته بمشورهٔ عقل دوراندیش در استحکام مبانی هواخواهی فراوان
کوشش بکار برد و پیوسته عرائض اختصاص فرستاده گلشن یکجهتی تازه دارد که هوشمندی
حقیقت شناسی حرز متین و حصن حصین ملک و ناموس ست و بر ارباب دانش و بینش ظاهر
و باهر ست که سلاطین عالی مقدار که تسخیر عالم و عالمیان پیش دید همت والا دارند از حکام دیار
و ولایات اصلا جز اخلاص و اطاعت مطلوب و مقصود نداشته اند چون باطن اقدس
متوجه ازدیاد سعادت آن عزت پناه است امین الدین را که یکی از ملازمان خاص و مریدان
با اخلاص ست فرستادیم که تهنیت آن فتح گفته فرط توجه اشرف اقدس را مجدداً خاطرنشان ایشان
سازد باید که ملکوش هوش اصغا نماید و انتظام و انتساق آن ولایت را از کمال خردمندی و
حق پسندی چنانچه در ملازمت اقدس مافهمیده است بتقدیم رساند و قوانین ما را بدستور که
در ممالک محروسه جاری و ساری ست رائج گرداند و کریمت شعاران کوتاه بین را که جز
پیش پای نبینند و غیر از انشاء و اخلاق نکوشند در معاملات دخل ندهد و در رعایت خاندانهای
قدیم و پیش آورد و اصحاب اخلاص که براستی گفتار و درستی کرداری مشهور و
موصوف باشند کوشش نماید و در اعتبار ارباب علم و فضل و اعلای اهل دانش
و حکمت سعی موفور بجا آورد و شبانروز را در مرضیات الهی معمور داشته آنچنان آگاه
باشد که دست اقویا از ضعفا کوتاه بوده زیردستان در مهاد امن و امان مرفه الحال
و فارغ البال باشند و چون منشور عاطفت بنام عمدة المخلصان شرف عمود یافت
بخاطر ملکوت ناظر بمقتضای شمول رأفت که احاطه عموم خلایق دارد رسید که فرامین قضا جریان
نصائح بنیان بعادل خان و قطب الملک عز ایراد یابد که اگر توفیق رهنمون آنها شود در
لوازم اطاعت بر خلاف سوالف ایام سلوک نمایند چه از آن بهتر که عنقریب بتائید دولت ابد
پیوند ما باهم اتفاق نموده باعث فتوحات فرنگستان و سایر بنادر شوند و مورد هزارگونه عنایات
گردند اگر بواسطه خردسالی و هجوم کوته بینان که بعد مسافت را حصن حصین خود خیال کرده بغفلت

شہزادے کی تشریف آوری کو ذریعہ سعادت سمجھ کر عقل دور اندیش کے مشورے سے خیر خواہی کی بنیادوں کو مضبوط
کرنے کے لئے زیادہ کوشش کام میں لائیں اور ہمیشہ مخصوص عرضیاں بھیجکر گلزار دوستی کو تر و تازہ رکھیں
فرمانبرداری میں دانائی برتنا اور حقیقت اور احسان کو پہچاننا ملک اور آبرو کے لئے مضبوط
قلعہ اور زبردست تعویز ہے۔ سیانے اور ہوشیار لوگوں پر ظاہر ہے کہ زبردست بادشاہ جو
دنیا بھر کی فتح کا خیال ہمت بلند کے سامنے رکھتے ہیں. شہروں کے حاکموں اور ملکوں کے مالکوں
سے سوائے محبت اور فرمانبرداری کے اور کچھ واسطہ نہیں رکھتے ہیں. اور چونکہ شاہانہ مزاج تم جیسے معزز
کے ساتھ زیادہ اقبالمندی کی طرف متوجہ ہے اس لیے امین الدین نامی کو بھیجا ہے جو خاص لوگوں
اور سچے خیر خواہوں میں سے ہے کہ فتح دکن کی مبارکبادی دیکر ہماری شاہانہ توجہ کو نئے سرے سے
تمہارے دل نشین کر دے۔ چاہیئے کہ ہوشیاری کے کانوں سے سنو اور اس صوبہ کا انتظام اور
بندوبست نہایت دانائی اور سچائی سے ادا کرو جس طرح سے ہماری ملازمت سے نہیں
سمجھ چکے ہو اور ہمارے ملکی قانون کو جس طرح پر کہ وہ یہاں جاری ہیں وہاں بھی پھیلاؤ
ناسمجھ مکار طبیعت والے لوگوں کو جو دور کی نہیں سوچتے اور خلل و فساد کے سوا اور کسی طرح کی کوشش
نہیں کرتے کاروبار میں خلل نہ دینے دیں۔ اور پرانے گھرانوں کی دیکھ بھال اور بچے اُٹھایا کرنے
والے لوگوں کو پاس بلانے کے بارے میں کوشش کریں۔ جو سچ بولنے اور نیک چلنی میں مشہور
و موصوف ہوں اور صاحبان علم و فن کی آبرو بڑھانے اور دانشمندوں اور خردمندوں کو ترقی
دینے میں از حد کوشش کریں اور رات دن کے وقتوں کو خداوند عالم کی رضاجوئی پر صرف کریں
اس طرح جیتے رہیں کہ کمزوروں پر زبردستوں کا ہاتھ نہ بڑھے اور غریب ماتحت چین چان سے
گہوارے میں خوش حال اور بیفکر رہیں اور مہربانی والا حکمنامہ تم کو لکھا جارہا تھا کہ فرشتوں
کی حالت ملاحظہ کرنیوالے دل میں آیا کیونکہ ہمارا دل کل مخلوقات کو احاطہ کئے ہوئے ہے
کہ حکم خدا کی طرح جاری ہونے والے اور نصیحت کرنے والے فرمان عادل خاں اور قطب الملک کے
تحریر کئے جائیں کہ اگر مدد خدا ان کا ساتھ دے اور فرمانبرداری کی صورت یا پچھلے دنوں کے (بقیہ)

گرانید نیز بتوفیق ربانی و تائیدات آسمانی در اندک فرصتی تمام ملک آنهان بآن تربیت
کرده ما تعلق خواهد گرفت باید که عنایات اعلی خاقانی را منتظم احوال سعادت اشتمال خود
داند فرمان حضرت شاهنشاهی در طلب یکی از فضلای شیراز المنة لله که از آغاز
ابتسام صبح اقبال و طلوع نیر اجلال که مبدای جلوس بر اورنگ سلطنت ست تا امروز که
عوام سعادت انتظام خلافت بار بعین پیوسته در نظر دوربین عنفوان ریعان بهار دولت
دا هتزاز ریحان حدیقهٔ افضالست همگی همت فلکی اعتصام به تکمیل و ترتیب مستعدان هر صنفی
سیما معترفان بحار علوم و حکم بوده و علی الدوام مستکملان هر فریق در حواشی سریر والا بمطالب
عالیه رسیده کامیاب صورت و معنی اند چه بیان حکمت الهی بر آن صورت پذیر گشته که
چنانچه پادشاهان عظیم القدر توجه عالی باین فرقه گرامی بیگمارند همچنین این گروه نیز جویای
التی و وصول بمحل عالی که محفوف بمفاخر و معالی ست میباشند درین هنگام که صیت فضائل
و کمالات کسبی و وهبی افادت اتصاف مرضی الشمائل جامع الکمالات چلپی بیگ مکرراً
بسمع اشرف رسیده همانا که حسن و اخلاق ذاتی او بر باطن الهام مواطن پرتو انداخته
توجه علی الطلب او شرف ظهور یافت مستحسن آنکه بقاید الطاف الهی در ساتق سکارم
شاهنشاهی محل امید بامنصوب صواب بر بند و بزودترین وقتی باستعداد حضور
فائض السرور مستسعد گردد و در آمدن و آوردن ارباب استعداد اهتمام نماید و
بسعادت نقش نقاحای شیرازی در باب سرانجام راه حکم اشرف صادر شده بجلو ظهور خواهد
رسید

بر تو گے۔ کیونکہ تم نے راستے کی دوری کو اپنے لئے مضبوط قلعہ خیال کر لیا ہے۔ پھر بھی خدائی
مدد اور آسمانی امداد سے تھوڑے عرصے میں وہاں کا سارا ملک تمہارے ملک سمیت (جنکو ہم نے
تربیت کیا ہے) ہمارے متعلق ہو جائے گا۔ اس لئے چاہیئے کہ ہماری شاہانہ عنایتوں کو اپنے اقبالمند
حالات پر شامل کریں۔ **اکبر شاہی فرمان شیراز کے کسی فاضل کو بلانے کے بارے
میں۔** خدا کا شکر و احسان ہے کہ صبح اقبال کے مسکرانے والے اور بزرگی کے ستارے کے نکلنے کے
زمانے سے لیکر (جو تخت نشینی کا ابتدائی وقت ہے) اس وقت تک جبکہ اقبالمند سلطنت کو چالیس
برس لگ گیا ہے۔ اور تجربے کاروں کی نظر میں ہماری سلطنت کا یہ زمانہ بہار دولت کا آغاز
جوانی ہے۔ بلکہ عنایات خدا کے باغ کی کلیوں کے کھلنے کا وقت ہے۔ ہمیشہ سے ہماری آسمان پر
چنگل مارنے والی ہمت ہر قسم کے لائقوں کو کامل بنانے اور تربیت کرنے میں مصروف رہی ہے خاص کر
صاحبان علوم و فنون کے ماہروں کے بارے میں اور ہمیشہ سے ہر قوم کے صاحب کمال تخت شاہی
کے آس پاس رہکر بلند رتبوں پر پہنچکر دین و دنیا میں کامیاب ہوتے رہے ہیں۔ حکم خدا اس طرح جاری
ہوا ہے کہ جس طرح بلند مرتبہ بادشاہ اس معزز فرقے کی طرف شاہی توجہ کو صرف کرتے ہیں اسیطرح یہ
گروہ بھی انسانی مقصدوں کے تلاش کرنیوالے اور دربار شاہی میں پہنچنے والے ہوا کرتے ہیں۔ کیونکہ انکا
دربار بلندیوں اور عزتوں کو گھیرے ہوئے ہوتا ہے۔ اس وقت جبکہ چلپی بیگ کے خدائی اور دنیاوی
کمالوں اور خوبیوں کی شہرت کئی بار گوش شاہی میں پہنچی ہے (جو خوبیوں میں موصوف اور پسندیدہ عادتوں
والا اور کل کمالات کو جمع رکھنے والا ہے) بیشک اسکی ذاتی خوش اخلاقیوں نے ہمارے غیبی خبر رکھنے
والے دل پر روشنی ڈالی ہے۔ اسلئے شاہانہ توجہ اس کے بلانیکی طرف متوجہ ہوئی۔ سب سے زیادہ
مناسب یہ ہے کہ خدائی عنایتوں کو رہنما بنا کر اور شاہی بزرگیوں کو ہمراہی میں لے کر اس درست راستے
کی طرف امید کے کجاوے کو باندھے (روانہ ہو) اور بہت جلد خوشی کشش والی حاضری کی لذت سے اقبالمند
اور قابل لوگوں کے آنے اور لانے کی تیاری کرے اور نیک طبیعت فتاحات کے شیرازی کو جو شاہانہ حکمنامہ
راستے کے بندوبست کے لئے صادر کیا گیا ہے اس کا اثر ظاہر ہوگا + (تمام شد)

بقیہ ترجمہ صفحہ وار

بقیہ ترجمہ صفحہ ۳

افلاطون اُٹھ گیا۔ اس فضل وکمال کی صدر مسند پر بیٹھنے والے کے خطوط کہ وہ خطوط احکام خدائی کی تصویروں کے البم اور مدارج کمال کے قوانین میں آتر بتر پڑے تھے۔ میں عبدالصمد نامی جسکے والد کا نام افضل محمد ہے اس شاہی طبیعت رکھنے والے ارسطو یعنی ابوالفضل کی نظر میں بھائی بھی ہونے کے علاوہ دامادی کا رشتہ رکھتا تھا اور اس کی تربیت و پرورش کی نظر میں منظور شدہ تھا یعنی شاگرد بھی تھا اس دانائی کے گلدستے کو سجانے میں اپنی سعادتمندی کا اچھا وسیلہ جانکر اسکے جمع کرنے میں کوشش کی کمر کسی اور اس کی درستی و تربیت کیلئے ہمت باندھی +

ہیں امید ہے کہ ہمیشہ یہ باغ عقل کے پودے اور چشم بینائی کے بوٹے انصاف کی دائمی بہار میں پلا کر سرسبزی اور شادابی سے کامیاب ہوں۔ بادشاہ جہاں کا خطہ رجو سچائی میں غور کرنیوالا۔ انصاف کی طرف رغبت کرنیوالا۔ بلند مرتبہ۔ آسمان شاہی کا ستارہ +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۷

دماغ نے از سرنو شگفتہ۔ دماغ نے بیحد تراوت پائی۔ محبت کے باغ سرسبز ہوگئے اور قدیمی رشتہ داری ہری ہوگئی۔ خالص میل ملاپ اور محبت کی نیو مضبوط ہوگئی۔ سچ ہے یہ خط بھیجنے کی پسندیدہ عادت جو در اصل روحانی ملاقات اور زبانی بات چیت کے برابر ہے۔ پچھلے زمانے کی طرح صاف دل کی خوشنود کرنیوالی اور شوقین دل کی خوشی بڑھانے والی ہوسکے گی بلکہ ظاہری کلام کرنے اور بات کا بدل بدلا شمار ہوسکیگا۔ اور برادری کے خوشبو دینے والے قلم سے جو جناب سے یہ بات لکھی گئی تھی کہ صلح کی بنیادوں کی مضبوطی میں اور محبت کے چشموں کو صاف کرنے میں دونوں طرف سے تیاری

کی جائے اور کوہ ہند دلکش ہماری تمہاری درمیانی حد ہے (اسبات نے) مقام پسندیدگی پر جلوہ کیا دیکھو بھی پسند آئی) ظاہر ہے کہ مورخین نے یا حکیموں نے یا پیغمبروں نے) اس بننے اور آگے جانے والی اور تعلقات والی دنیا میں میل جول اور محبت و پیار کے سوا +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۹

زیبا ہو۔ واقعی اگر وہ دلکش باتیں جو خط اور ایلچی ظاہر کرے ممکن ہو جائیں تو اس سے بہتر کونسی بات ہے۔ ورنہ کوئی مقام (ملاقات) مقرر کرنا چاہیے تاکہ اس مقررہ جگہ پر دوستی کی محفل آراستہ ہو اور کسی برائے اور بیچ لائے کے بغیر دین و دنیا کے مقصد اور ظاہری و پوشیدہ مطلب صاف گوئی اور حقیقی بیان سے روشن ہوں۔ اور یہ بھی ہمارے گوش گذار ہوا ہے کہ نکمی طبیعت رکھنے والی ایک جماعت نے ہمارے حدود پنجاب میں +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۱

اور مرتب نہیں ہوئے ہیں کہ اگر تھوڑی دیر کے لئے یہ مان بھی لیا جائے کہ اگر کوئی امر ناراضگی ہوتا بھی تو اس سے دوستی کے دامن پر رنج و ملال کا گرد و غبار نہیں جاتے۔ اولاد کو سگے باپوں سے ایک خاص قسم کا لاڈ ہوا کرتا ہے۔ خاصکر تمہارا بیٹا تو بہت ہی لاڈلا ہے۔ اگر خدا نخواستہ چچاؤں کے ساتھ بھی ایسی ہی صورت پیدا ہو تو کیا مضائقہ ہے (اللہ دستگاہ کے دوسرے معنی مسخرے کے ہیں۔ جو مناسب مقام ہیں) سعادتمند فرزند تو وہ ہے جو باپ کی رضا جوئی کو اپنا مقصد ہمت بنا کر اس قاعدے کی نگہبانی میں کوشش کرے۔ وہی بڑے بڑے وعدے وعید اور بڑے عہد و پیمان جو تجربے کار تاجر۔ دل کے ذریعے سے پکے بعد دیگرے مقرر ہو چکے ہیں۔ ہمارے دل پسند دلمیں جمے ہوئے اور جمے ہوئے ہیں۔ اور اسلامی قاعدے اور بزرگانہ طریقے میں ارکان دوستی و محبت کے برقرار رکھنے کیلئے دوستانہ طبیعت رکھنے والے عام حق پسند کو ان عہد و پیمان کا پاس اثر محبت کا جو تمہاری طرف سے ہمارے دل میں ہے) ذرا ظہور ہی کافی ہے +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۳

ضرب المثل ہے۔ نہیں گئے تھے) دلی رازدوں میں سے تھا۔ کیونکہ وہاں کے

طرف سے ہمارے فرزند شاہ رخ مرزا کے واقعہ میں قلم محبت سے لکھا ہوا آیا تھا۔ ہمارے منصف دل کو پسند آیا۔ واقعی شاہرخ مرزا طفلی اور کم ظرفی اور بد صحبتی کی وجہ سے اس قدر نالایق باتوں کے (اظہار) کا باعث ہوا تھا۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۲۹

سادات میں سے اور اس شہر کے بڑے پرہیزگاروں میں سے ہیں مقرر کر دیا تھا جو بعضے کاموں کی وجہ سے تاخیر میں پڑا ہوا تھا۔ اس وقت حکمت پناہ حکیم ہمام کے ساتھ روانہ کر دیا۔ تحفوں اور سوغاتوں میں سے کچھ تھوڑا سا بطور نمونہ عمدۃ خواص محمد علی کی سپردگی اور ذمہ داری میں علیحدہ بھیجا ہے جسکی تفصیل اس کے پاس موجود ہے) مناسب ہے کہ اس حدیث پر (مسلمانوں تم آپسمیں تحفہ اور سوغاتیں دو تاکہ دوستی زیادہ ہو) عمل کر کے ہمیشہ دونوں طرف سے خط و کتابت اور سوغاتوں کی روانگی کا طریقہ جاری رہے۔ شہر فرغانہ سے منگوا کر پری پرواز کبوتروں کے بھیجنے اور حبیب کبوتر باز کے آنے سے محبت و پیار کا شاہباز پھر پھڑ پھڑانے لگا اور ہمارا (نفس ناطقہ) میل ملاپ اور ایکے کی خوشبوئیں سونگھنے لگا۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۳۱

ابھی پیدا ہوئی ہے اور سفر کردہ مسافر کی مانند ہے۔ خوشی و خرمی کا پہناوا اور دلگی و خوشدلی کا سرمایہ ہوا۔ دوستی کی نیو نئے سرے سے اونچی ہو گئی اور اتفاق کا طریقہ از سر نو بڑھ چڑھ گیا مشک والے شاہی قلم سے۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۳۳

اکبر سے خط و کتابت بند کر لی تھی۔ کیونکہ اس نے فرعونی دعوے کی خبر سنی تھی۔ اکبر کے بہت سے خطوط کے بعد اس نے ایک خط لکھا۔ اور لکھا کہ لڑائیوں کی وجہ سے اور آپ کے خدائی دعوے کی خبر سنکر ایسا کیا گیا تھا۔ اکبر اب لکھتا ہے کہ آپ کا یہ عذر لنگ عجیب قسم کا) جو اسی طرح پوشیدگی کے پردے میں چھپا رہا (مطلب نہ کھلا) کیونکہ دشمنوں کے بارے میں آپکا فکر و تردد

کرنا اور دنیاوی سرکشوں کے ساتھ لڑائی کی تدبیر کرنا خط کتابت کے نہ کرنے پر کس طرح آباد
۱۰۲ اور بدذات بدنصیبوں اور نڈر باتیں بنانے والوں نے کچھ بیہودہ قسم کی باتیں (نظم) کہہ
(ایسے بھی ہیں) جنکو اپنی حالت کی بھی خبر نہیں - وہ بجائے ہنر کے عیب کو پسند کرتے ہیں
دماغ تک پہنچنے کا ارادہ کریں تو دھواں بنجائیں اور ہوا کی مثال ہو جائیں ۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۳۵

بزرگ طبیعت بادشاہ اور عالی خاندان شہنشاہ عقل کے گوہر شب چراغ کی روشنی سب سے
زیادہ رکھتے ہیں اور بلند اقبال بادشاہوں اور سیانے عقلمندوں میں سب سے زیادہ دانائی
ہوا کرتی ہے ۔ کیونکہ جب (فرشتے) پیدائشی کارخانے میں ہر ایک کو ضرورت اور لیاقت کے موافق
عقل و دانش دیا کرتے ہوں گے ÷

بقیہ ترجمہ صفحہ ۴۳

اور ان عقلمندوں کے قریب ہونے اور اعتبار حاصل کرنے کا سبب ہوتی ہے ۔ جو بڑے گروہ کی بدذاتی
کی وجہ سے گمنامی کے گوشوں میں رہنے لگے تھے ۔ اور یہ جاہل اپنے کو عالم بتانے والے ذاتی برائی
اور عادت کی وجہ سے خود ہی چھپ کر اور راہ راست سے پھر کر نالائق باتوں کو مشہور کر کے چند بیگانی
امیروں کے بہکانے کا سبب ÷

بقیہ ترجمہ صفحہ ۴۴

بھول جانے کے سوا اور کچھ دھیان میں نہیں آتا - اور تم عالی خاندان کی دوستی اور
سے بھی یہی امید کی جاتی ہے کہ اس کی گستاخی سے چشم پوشی کریں ۔ محبت و پیار کی باتوں کے مضبوط
کرنے اور دوستانہ تعلقات کے پکا کرنے کے لئے حکمت و دانش کی بنیاد دینے والے خیرخواہ
میں سے خصوصیت رکھنے والے تجربے کار رازداروں میں سے حکیم ہمام نامی ÷

بقیہ ترجمہ صفحہ ۴۵

اکبر شاہی فرمان شاہ عباس تخت نشین ملک ایران کے نام ۔ بڑی بزرگیوں والے

ہے

سے منگوا کر بیری کی پرواز

کے آنے سے محبت و پیار کا شاندار کھیر و شیر پکڑانے

حس باطنہ میں ملاپ اور ایکے کی خوشبو بھی سونگھنے لگا۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۳۱

ابھی پیدا ہوئی ہے اور سفر کردہ مسافر کی مانند ہے۔ خوشی و خرمی کا پہناوا اور دلگی و خوشدلی کا سرمایہ ہوا۔ دوستی کی نیو نئے سرے سے اونچی ہو گئی اور اتفاق کا طریقہ از سر نو بڑھ چڑھ گیا مشک والے شاہی قلم سے۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۳۳

اکبر سے خط و کتابت بند کر لی تھی۔ کیونکہ اس نے فرعونی دعوے کی خبر سنی تھی۔ اکبر کے بہت سے خطوط کے بعد اس نے ایک خط لکھا۔ اور لکھا کہ لڑائیوں کی وجہ سے اور آپ کی خدائی ادعوے کی خبر سنکر ایسا کیا گیا تھا۔ اکبر اب لکھتا ہے کہ آپ کا یہ عذر لنگ عجیب قسم کا) جو اسی طرح پوشیدگی کے پردے میں چھپا رہا (مطلب نہ کھلا) کیونکہ دشمنوں کے بارے میں آپکا فکر و تردد

کرنا اور دنیاوی سرکشوں کے ساتھ لڑائی کی تدبیر کرنا خط و کتابت کے نکرنے پر کس طرح آباد
۱۰۲ اور بدذات بدنصیبوں اور تذر باتیں بنانے والوں نے کچھ (بیہودہ قسم کی باتیں (نظم) کہہ
(ایسے بھی ہیں) جنکو اپنی حالت کی بھی خبر نہیں - وہ بجائے ہنر کے عیب کو پسند کرتے ہیں - اگر
دماغ تک پہنچنے کا ارادہ کریں تو دھواں بنجائیں اور ہوا کی مثال ہو جائیں ۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۳۵

بزرگ طبیعت بادشاہ اور عالی خاندان شہنشاہ عقل کے گوہر شب چراغ کی روشنی سب سے
زیادہ رکھتے ہیں اور بلند اقبال بادشاہوں اور بیانے بھاگوانوں میں سب سے زیادہ دانائی
ہوا کرتی ہے - کیونکہ جب (فرشتے) پیدائشی کارخانے میں ہر ایک کو ضرورت اور لیاقت کے موافق
عقل و دانش دیا کرتے ہوں گے ۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۴۲

اور ان عقلمندوں کے قریب ہونے اور اعتبار حاصل کرنے کا سبب ہوتی ہے - جو بڑے گروہ کی بدذاتی
کی وجہ سے گمنامی کے گوشوں میں رہنے لگے تھے - اور یہ جاہل اپنے کو عالم بتانے والے ذاتی برائی
اور عادت کی وجہ سے خود ہی چھپ کر اور راہ راست سے پھر کر نالائق باتوں کو مشہور کر کے چند بگانی
امیروں کے بہکانے کا سبب ۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۴۴

بھول جانے کے سوا اور کچھ دھیان میں نہیں آتا - اور تم عالی خاندان کی دوستی اور
سے بھی یہی امید کی جاتی ہے کہ اس کی گستاخی سے چشم پوشی کریں - محبت و پیار کی باتوں کے مضبوط
کرنے اور دوستانہ تعلقات کے پکا کرنے کے لئے حکمت و دانش کی پناہ دینے والے خیرخواہ
میں سے خصوصیت رکھنے والے تجربے کار رازداروں میں سے حکیم ہمام نامی ؛

بقیہ ترجمہ صفحہ ۴۵

اکبر شاہی فرمان شاہ عباس تخت نشین ملک ایران کے نام - بڑی بزرگیوں والے

اور پاک وصاف قانون والے۔ خدا سے وحدت کی دہلیز پر سر نیاز جھکا کر شکریہ ادا کریں کی اصلیت الہی
ہستی کو اگر سارے عقلاء مل کر بھی اور دانشوران کی سطریں تو اسے ادراک کی قوتوں اور علوم کے لشکروں کے
ساتھ جمع ہو جائیں تو خدا سے واحد کی تعریف کی کتاب میں سے ایک حرف کی ذمہ داری کو ادا نہیں
کر سکتے۔ اور اس کے آفتاب حمد کا ایک پہلو بھی چھپا نہیں سکتے۔ اگرچہ نظر تحقیق میں دنیا کی سارے
ذرے حمد خدا کا ایک چشمہ ہیں کہ باوجود بے زبان ہونے کے زبان حال سے گویائی کے لئے تیار
ہو کر حمد حقیقی کے سبب انتہا حیران ہیں۔

بقیہ صفحہ ترجمہ ۴۷

اور جو کچھ ظاہری قلم سے خط وخبر دوستی کے لکھتے ہیں تاخیر ہو جانے کے بارے میں لکھا گیا
تھا اس نے خوب اپنے موقع پر پسندیدگی ظاہر کی۔ واقعی اندرونی تعلقات یہ چاہتے تھے کہ خط
کتابت میں اتنی دیر نہ ہو۔ لیکن آپ نے آنے جانے والوں سے سن لیا ہوگا کہ کیسے بڑے بڑے
کمال دبدبہ اور زبردست لڑائیاں جھگڑے فسادات اس شہر کے راجاؤں اور ہندوستانی صوبوں کے باشندوں
کے ساتھ اس ملک کو خطوط آسمانی کے ناپنے والوں نے ساتوں ولایتوں کا دو تہائی بتایا ہے
واقع ہوتی تھیں۔ ایک مدت دراز میں۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۵۱

جو قدر بارشتے کی دریچہ کا دوستانہ خط نصیحت سے دیدیا گیا۔ اور مظفر حسین مرزا ہمارے ربط و
ضبط اور میل ملاپ کی شمولیت کو شکر

بقیہ ترجمہ صفحہ ۵۵

توجہ اور سے یہ گوش گزار کیا گیا کہ پہلے زمانے میں جبکہ آپ نے سیادت مآب شاہ محمد کو ایلچی
بھیجا تھا تو یہ امر خوشحالی دل کی زیادہ مہربانی کا باعث ہوا تھا۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۶۱

خوش حالی اور کھلے دل رکھ کر عبادت کی رسموں کو پورا کریں اور بندگی خدا کے طریقوں پر جمے

رہیا اور کسی میں بھی دنیا داروں کا ظلم و ستم کا ہاتھ رعیت پر تعدی کر کے بیچاروں اور غریبوں پر تعدی نہ
پائے۔ اور مخلوق سے جہانتک ہو سکے ہم کو اچھا وسیلہ گردانکر سب ساری نعمتوں کے دسترخوانوں
سے (خدا کی مہربانی سے جن نعمتوں کا بانٹنا ہمارے سپرد کیا گیا ہے) لطف و لذت حاصل کرنے دیا

بقیہ ترجمہ صفحہ ۶۴

اور جیسا کہ حکم دیا گیا تھا کہ جو بعض عجیب و غریب چیزیں معلوم ہوں اور ان کے خریدنے کے لئے اگر
روپیہ نہ ہو تو مقررہ روپے میں سے کچھ روپیہ ان کی خرید میں اٹھا کر (ہمارے حکم کی) پیروی کریں۔ مگر
اسی خیال سے اس کی تعداد بھی مقرر نہیں کی گئی۔ اور ہمارے گوش گزار یہ بھی ہونا ہے ؛

بقیہ ترجمہ صفحہ ۶۵

مسلسل اور وابستہ کیا ہے۔ ایسا اندازہ کرنے والا مالک ہے کہ محبت و پیار کا سلسلہ اور وابستہ اور قوانین میل
ملاپ کا مقرر شدہ نسبت و الفت کا ٹھاٹھ باٹھ دنیاوی جماعتوں میں اور مختلف قسم کی مخلوقات میں
پیدا کر دیا ؛

بقیہ ترجمہ صفحہ ۶۷

بلکہ روشن اور ثابت ہو چکا ہے کہ دنیا کا جسمانی عالم آخرت کے عالم روحانی کے مقابلے پر بیاد ہے۔ بلکہ تمام
اور جہان بھر کے سیانے اور ہر شہر کے بڑے اس ظاہری حالت فانی کو کوچ کرنے کے کس قدر اعلیٰ کوشش
اور بڑی بڑی خواہشیں عمل میں لا سکتے ہیں ؛

بقیہ ترجمہ صفحہ ۷۵

اکبر شاہی فرمان سپہ سالار خانخانان ولد بیرم خاں کے نام۔ حکومت و نظم و نسق کے قوت بازو
سلطنت و ملک گیری کے قابل اعتماد شخص۔ اقبال مندی اور جہانداری کی انگوٹھی کے نگینے حقیقت پر
کے موتی کی آب و تاب۔ بادشاہت کے شہنشاہی کی مستی بھری تلوار۔ میدان جنگ میں دشمن کو قتل کرنے کے
لئے سان پر چڑھے ہوئے تیر۔ بزرگی و شان و شوکت کی آستین پر عمدہ نقش و نگار رکھنے والے دبدبہ
و اقبال کے تخت پر چڑھا ہوا موتی کی مثال والے شاہی بھیدوں کو چھپانے والے خدا پرستی اور خیر خواہ

کے اطوار وں کے جمع کرنے والے - دنیا کی فتح کرنیوالی لڑائیوں کے ہراول مقصدوری اور کامیابی کی محفلوں میں آگے بڑھنے والے ✤

بقیہ صفحہ ترجمہ ۷۷

غالب - بے قراری - سچائی اور درستی کے طریقوں کا عاشق غمخوار مضمون گرمھنے کی صورت کا نقاش ہم زبانی اور ہمنشینی کے فرش پر باریکیاں پیدا کرنے والا شاہی بھیدوں کی تہ کو پہچاننے والا - مزاج سلطانی کی حقیقت سے واقف ہونے والا مشکل پسندوں کی گرہ کو کھولنے والا - آسمان خیال دل کو تپانے والا کچھ بھی بیان کرنیوالی جماعت کا سردار ✤

بقیہ ترجمہ صفحہ ۷۹ -

سارے تعلقات قطع ہونے والے ہیں اور کل تکلیفیں جھیلنے والے ہیں - اگرچہ اس مرنے والے کا خیال ہر وقت نظروں کے سامنے ہے اور اس عالم آخرت کے مسافر کی اچھی عادتیں ہمارے روبرو ہیں

بقیہ ترجمہ صفحہ ۸۱

سے بالکل اطمینان ہو گیا - خدا نے چاہا تو عنقریب ہی دار الخلافہ شاہی سواری کی خیمہ گاہ ہوگا - جن دنوں میں ہمارا دل پریشان تھا - تمہاری درخواست آئی - چونکہ اس کی اندرونی تحریر سے محبت و صفائی کی خوشبوؤں کی لپٹیں آرہی تھیں اور اس کے مضامین سے وفاداری اور بندگی کی ہوائیں چل رہی تھیں

بقیہ ترجمہ صفحہ ۸۳

وہاں ٹھہر کر خود فتح دکن کی طرف متوجہ ہو جائیں - اکبر شاہی فرمان خانخانان سپہ سالار کے نام

بقیہ ترجمہ صفحہ ۸۵

بیٹھنے والوں کی بے پروائی پر موجودہ صورت میں یہ آگ لگاتی ہے - رباعی - سورج کہ ہیں بخشش مقصد کا پھول پیدا کرتی ہے اور جو ترو تازہ ٹہنی سے اچھائی کا پھل دیتی ہے - ۲ - پہل کی طرف دیکھ کہ اس طرح ڈالیاں سورج کے چمکنے سے ترو تازہ پھل پکاتی ہیں ✤

بقیہ ترجمہ صفحہ ۸۷ بچے ہوں گے یا نہیں - جتنے کبوتر روانہ کئے تھے سب خیریت سے آپہنچے ✤

بقیہ ترجمہ صفحہ ۸۹

تھے تم کیونکر نہ سمجھو گے ۱ خاصکروہ پرنگار نامی تجربے کار کبوتر جو عمر رسیدہ بڈھوں کی طرح اُڑتا ہے تمہاری خدمت میں ایسا بے مثل سلام پیش کرتا ہے جو عاشقوں کے دلوں کو چکرا دے۔ بلکہ آسودہ دل فقیروں کو ناچ اور کھیل کود میں لگا دے اور عرض کرتا ہے کہ جب دولت و اقبال کے راہ نمائے دلی صفائی اور عقیدے کے خالص ہونے پر صبح کی دعاؤں کی وجہ سے ہمارے حال پر مہربانی کی اور مدد آسمانی کی خوش نصیبی سے جہاں پناہ کے شاہی دربار میں پہنچا دیا جس حکومت کی نیو خدا نے رکھی اور جس کا حاکم قدر شناس ہے مجھ آرزومند کے دل میں جوانی کی اُمنگ پیدا کرکے نئی زندگی اور بے حد کامیابی بخشی ہے۔ دربار کے خیر خواہوں سے اور شاہی ملازموں سے یہ التماس ہے +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۹۱

نامی کبوتر کہ جس کے پیچھے عاشقوں کے دل کا دھواں اُڑتا ہے اور وہ مجیلی گرڑیا یعنی چھٹے پاؤں والی کبوتری کہ جس کے پیروں کے گھنگرو یا جھانجھن الیلیٰ کی پازیب کو یاد دلاتے ہیں۔ اور عاشقوں کے پاؤں میں دیوانگی کی بیڑی پہناتے ہیں۔ بلکہ سامنے نامی کبوتر غٹرغوں کرنے والے البیلی تیوروالے جو +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۹۳

سے واقفیت رکھنے والے شاہی پرائیویٹ مجلس کے دوست سودوستی کے خلوت خانے کے ساتھی دنیا بھر کے فاضلوں میں چھٹے ہوئے۔ خاص بزرگوں میں سے چنے ہوئے اپنے زمانے کا جالینوس حکیم ہمام نامی شاہی اعلیٰ مہربانیوں سے خوشنود ہو کر اور شہنشاہی بڑی عنایتوں سے مقصود اور سرفراز ہو کر واقف ہوئے کہ جس وقت میں آسمان جیسے بلند جھنڈوں کی روانگی اور زمین کے ناپنے والے لشکروں کی جولانی کشمیر کے دلپذیر صوبے کے سیر و شکار کی طرف ہوتی تھی (جو مجھ درگاہ خدا کے نیازمند کے لئے نئی بخششوں میں سے) تو یہ قصہ تھا کہ اس سدا بہار کشمیر کے باغ میں (قدرت پروردگار کا نمونہ ہے، خدا کو یاد کرکے چند سانس لیوے اور چند روز اس سرزمین پر

[illegible] پیشانی معبودِ حقیقی کے سجدے کے لئے جھکا کر بسر کرے +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۹۹

بلکہ ایسا بھی کرتے ہو (یعنی اسی پر آمادہ ہو) بیشک وہموں میں پڑ کر غلط خیال سونچکر اپنی سیانی سمجھ سے بغیر [illegible] وہموں کے پھیلنے پر بیکار ہو کر +

بقیہ صفحہ ۱۰۳

[illegible] کہ دنیا میں خدا کی سب سے عمدہ عبادت خلقت کے کاروبار کا پورا کرنا ہے۔ کہ دوستی دشمنی اپنے پرائے کا خیال نہ کرکے فراخ پیشانی سے ختم کرے اور فقیروں اور غریبوں خاکساروں اور گوشہ نشینوں کے ساتھ حتی الامکان نیکی کرے۔ کیونکہ وہ آمد و رفت کا دروازہ بند کرکے زبان سے سوال نہیں کیا کرتے اور خدا کے متلاشی گوشہ نشینوں کی صحبت میں جا کر دعائے خیر طلب کرے +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۰۵

بدگمان بھی نہ ہو جائے۔ کیونکہ ملازم کے لئے خوشامد کرنا بھی ضروری ہے۔ اور جہانتک ہوسکے [illegible] دیکھ بھال کی پرستش کرے +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۱۱

[illegible] اسطرح کروں۔ بلکہ اس کو بڑی عبادت جانکر اس تشریح کے موافق پوری طرح ادا کرے +

بقیہ صفحہ ۱۱۵

اور [illegible] یعنی عید الفطر اور عید الضحیٰ کو قاعدے کے موافق بجا لایا کریں اور نوروز کی رات کو اور شب [illegible] کو چراغ کریں جس طرح شب برات میں چراغاں کیا جاتا ہے اور جس رات کی [illegible] اس رات کو نقارہ بجائیں۔ اور عیدوں کے دن ہر شہر کے سرے پر باجا بجائیں۔ اور عورتیں بلا ضرورت گھوڑے پر سوار نہ ہو۔ اور دریا کے گھاٹ مردوں سے نہانیکے علیحدہ ہوں اور پانی [illegible] جداگانہ بنائے جائیں۔ اور عورتوں کے گھاٹ علیحدہ مقرر کر دیئے جائیں

اکبر شاہی فرمان شہباز خان کمبوہ کے نام۔ چونکہ ہماری اعتدال پسند ہمت اور مجموعہ [illegible]
خدا کے نیاز مند کی منصفانہ نیت تخت شاہی پر ابتدائے جلوس سے لیکر اور چتر شاہانہ کے
لگانے کے زمانے سے لیکر اب تک اس کے مدنظر رہا ہے کہ رعایا سب باشندے [illegible] اور رعیت اور
تمام دنیا اور مخلوق جو خدا کی عجیب و غریب امانتیں اور بڑی زبردست ذمہ داریاں ہیں اور نگاہ
عنایت بلند ہے اور مہربانی اور انصاف کے سایہ میں آرام و اطمینان سے رہ کر خدا کی شکر
گزاری کے وظیفوں میں اور دولت کی ترقی کے باعث اور اقبالمندی کے استقلال ۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۱۶

اقبال کا وقت میرے ابتدائے تخت نشینی کے حساب سے ۳۴ واں سال ہے اور ہمارا دولت
اقبال کے شگفتہ ہونے کی ابتدا اور صبح جلال و جمال کے ظاہر ہونے کا وقت ہے۔ عدالت کی سرحدوں
والے ملک اور فیض کی بنیاد رکھنے والے فرمان نے ظاہر ہونے کی روشنی حاصل کی۔ چونکہ شریعت
اور خدا کی دائمی سلطنت کے بڑے قانون نے خدا کی بندگیاں بہت بلند اور پاکیزہ ہیں۔

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۲۱

اور پیداوار جس پر مخلوق کی معاش کا دارومدار اور دنیا کی معاش کے ذریعے ہیں داخل
ہیں [illegible] ہاتھی [illegible] اونٹ [illegible] بکری [illegible] بھیڑ [illegible] اور ریشم کا کیڑا وغیرہ کے علاوہ
جن پر سارے ملک [illegible] ساگرات اور محصول [illegible] جسقدر بھی تھوڑا بہت لگتی
رہتی ہیں آئندہ سے معاف رہیں [illegible] اور اس وقت تک جو سلطنت کے
کاروبار کے منتظم [illegible] واقفیت اور خیر خواہی کے خیال سے [illegible] ہوتا رہا ہے
تاکہ زیر دستوں [illegible] اور زیر دستوں [illegible]
پاؤں غریب [illegible] مصیبت والا [illegible]

بقیہ صفحہ ۱۲۳

کہ دربار اور [illegible] حاکموں کے باہمی تنازعات کا انتظام [illegible] پسندیدہ [illegible]

ہے۔ کہ اس اعلیٰ عنایت کی قدر اور اس بڑی بخشش کی شکر گزاری بجا لا کر اسی طرح پر ہمیشہ فرماں برداری شاہی حکموں کو اور شاہی جاری شدہ فرمانوں کی تعمیل میں پوری پوری کوشش اور تیاری ادا کرے۔ تاکہ تمہارا معاملہ ہر روز ترقی کرتا جائے۔ اور واقعی تم جیسے خیر خواہی ظاہر کرنے والوں سے ایسی اعلیٰ خدمات جو تجربہ کار خیر خواہوں کے لائق اور حقیقت مند واقف کاروں کے لئے موزوں ہوا ظاہر ہوئی ہیں +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۲۵

کے کہنے سے امرائے روم کا آزاد ہونا اور اس ملک کے رؤسا کا قید سے چھڑانا۔ پھر انہی آزاد شدہ قیدی امرا کی طاقت سے خروج کر کے شاہ اسمٰعیل کا حاکم بننا تاریخی کتابوں سے ظاہر ہے۔ اور ہمارے والد بزرگوار ہمایوں بادشاہ کا طہماسپ صفوی کی مدد سے ہندوستان فتح کرنا سب کو معلوم ہے۔ اس وقت جبکہ ان کو مشکل کا سامنا آپڑا ہو تو شاہانہ سلوک اس امر کا مقتضی ہوا کہ تمہاری فوجوں کے علاقہ جات میں آنے جانے سے روک دیا +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۲۷

اور جو لوگ ہمارے آنے کے منتظر ہیں ان پر بخشش و انعام کے دروازے کھولیں گے +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۲۹

محبت کرنے والے خیر خواہوں میں ہو اور رہا یہ امر کہ جس وقت ممالک عظمیٰ کا قوت بازو خلافت کبریٰ کا قابل اعتماد شخص بڑے خانخاناؤں کا پیشوا امرائے بزرگ میں سے عمدہ رکن سلطنت عالی مبارز الدین خانخاناں اس علاقہ میں گیا تھا۔ تم خیر خواہ نے خدمت کے اسباب کو پورا نہ کیا تو بعض صورتوں کی وجہ سے ایسا ہوا جن کی تشریح کی ضرورت نہیں +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۳۱

علم فلسفہ اور علم شریعت کے فروع اور اصول پر حاوی ہونے والے دربار شاہی کا سب سے عمدہ شخص محفل سلطانی کا خلاصہ۔ دربار شاہی کا پاس رہنے والا سلطنت شاہی کا بھروسے والا

ملک الشعرا شیخ ابوالفیض فیضی کو (جس نے ہمارے عنایت کے سائے میں پرورش پائی ہے) ہم نے اور کسی موقع پر بھی اپنے دربار سے اس کی دوری کو تجویز نہیں فرمایا۔ فیضی کا بھیدوں سے واقف ہونا اور بات کو جانچنا اور تجربے کار ہونا اور انسان کا پہچاننا اور دوستانہ مرتبوں کا پرکھنا اور اعتقاد کے درجوں کا سمجھنا ہمارے سامنے بخوبی روشن ہے۔ مخصوص دوست کے پاس روانہ کیا ہے تاکہ ہماری مختلف مہربانیوں کو بخوبی ذہن نشین کرے +

بقیہ صفحہ ۱۳۳

اور چونکہ تم اخلاص شعار کے ساتھ زیادہ عنایت و مہربانی رکھتے ہیں اس خیال سے شاہانہ خلعت اور جڑاؤ تلوار اور دو عراقی گھوڑے اور دو سواری کے گھوڑے اور ایک ولایتی اونٹ تمہارے لئے بھیجا ہے۔ چاہئے کہ سب طرف سے اپنے دل کو مطمین کرے +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۳۵

بلند اقبالی کی وجہ سے اس کی قدر جانو اور ہمیشہ ہم کو یا ہماری حاضری کا خیال دلپر رکھکر محبت و خلوص کی علامتوں کو ظاہر کرنے میں بڑی کوشش کریں۔ کیونکہ ایسا کرنے میں دنیا و دین کی عزت اور دائمی آبرو ہے۔ اس وقت جبکہ دنیا کا انتظام کرنے والا خیال صوبہ مالوہ کی زیادہ آبادی اور بہتری کی طرف مصروف ہو چکا ہے اور ہم بلند اقبال برخوردار شہزادہ مراد کو (جو اقبال و دولت والی پیشانی کی روشنی اور بزرگی و عظمت والی آنکھ کی ٹھنڈک اور بہار کی تحمندی کے تاج کا یکتا موتی اور حق پسندی اور سعادتمندی کے ہار کا گوہر بزرگ ہے۔ صوبہ دکن کی طرف روانہ کرتے ہیں +

بقیہ ترجمہ صفحہ ۱۳۶

برخلاف) عمل کریں۔ تو اس سے اچھی کونسی بات ہو سکتی ہے کہ انہی دونوں میں ہماری مدام برقرار رہنے والی حکومت کی مدد سے آپس میں میل ملاپ کرکے یورپ اور کل بندرگاہوں کے فتح کرنیکا باعث نہیں۔ انگریز پچھنے اور ناسمجھوں کے اکٹھے ہو جانیکی وجہ سے لاپروائی +

۴۸۶

فرہنگ الفاظ

واضع لغت نے لفظ کی تحقیق دو صورتوں میں مقرر کی ہے۔ ایک حقیقی۔ دوسری مجازی۔ کسی لفظ کے حقیقی معنی تلاش کرنے میں حقیقت لغوی حقیقت شرعی اور حقیقت عرفی سے بحث کی جاتی ہے۔ اور مجازی معنی دریافت کرنے میں مجاز لغوی مجاز شرعی اور مجاز عرفی عام پر نظر کی جاتی ہے۔ اور یہ کام صاحب لغت کا ہے۔ لہذا اس فرہنگ میں بطور لغت کسی لفظ کی تشریح مقصود نہیں بلکہ صرف وہ معنی لکھے گئے ہیں۔ جو محاورے کے طور سے مناسب محل و موقع ہیں کسی لفظ کے مختلف معنی اور اصطلاحات عامہ و خاصہ کے لیے عربی و فارسی لغات کی کتابوں سے انتساب مقصد حاصل کیا جائے۔

مقبل

فرہنگ الفاظ

گوناگوں۔ ف۔ نوع بنوع مختلف رنگ برنگ

نیایش۔ ف۔ دعا و ثنا

کسوت۔ ع۔ لباس پوشاک

ستائش۔ ف۔ از مصدر ستائیدن سراہنا۔ تعریف کرنا

سفارت۔ ع۔ ایلچی گری۔ رسالت

دست بسر۔ ف۔ متفکر۔ حیراں۔

خاشاک۔ ف۔ کوڑا کرکٹ

بشر۔ ع۔ عام انسان حضرت آدمؑ

افسر۔ ع۔ تاج۔ علم

دشوار۔ ف۔ دشوار و مشکل

ژرف نگاہ۔ ف۔ بغور دیدہ

راہ نورد۔ ف۔ مسافر سیاح

شاہراہ۔ ف۔ اسم تکبیری بڑی سڑک

علامہ۔ ع۔ عالم بزرگ

آصف۔ ع۔ آصف برخیا جو حضرت سلیمانؑ کے وزیر تھے

انفس۔ ع۔ عالم ارواح

آفاق۔ ع۔ عالم اجسام

بر۔ ف۔ جسم۔ بدن

از عالم شدن۔ عف۔ مرجانا ہمیشہ کیلئے

مفاوضات۔ ع۔ ج۔ مفاوضہ خط۔ رقعہ۔

چار بالش۔ ف۔ مسند۔ مقام تکیہ زدن

کارنامہ۔ عف۔ مقلوب نامہ کار بمعنی تاریخ و جنگ نامہ دستور نامہ کتاب قصے انشا ضابطہ

دلاویز۔ عف۔ نظر فریب۔

منش۔ ف۔ طبیعت و فطرت

درایت۔ ع۔ علادہ و تدبیر

دست آویز۔ ف۔ تحریر۔ تحفہ و نذرانہ

شگرف۔ ف۔ نادر و مناسب

جرم۔ ع۔ جسم اجرام۔ سورج و چاند ستارے وغیرہ کہ بوقت وجود کمال نمودار ند بر خلاف عالم اجسام

کتان۔ ف۔ ایک کپڑا کہ چاندنی سے پارہ پارہ گردد

خرمہرہ۔ ادنیٰ مہرہ۔ چھوٹی سیپ

یارا۔ ف۔ مصدر یارستن۔ طاقت رکھنا۔

مجتبیٰ۔ ع۔ چنیدہ برگزیدہ رہنما

اہلکار۔ ع۔ جمع کارکن۔ کسب کاشتکاری

صباحت۔ ع۔ خوبصورتی و آراستگی

خریدہ۔ ع۔ دوشیزہ نازنین چنچل لڑکی

رعنا۔ ع۔ جوان مست اعضا

مشاطگی۔ عف۔ آرائش دلہن کی

نائن کا کام کرنا۔ دین
بنانا۔ ادھر ادھر کی
باتیں سنانا۔
وانمودن۔ ف۔ نمایاں کرنا
اظہار۔
تگاپو۔ ف۔ تگ دپو۔ دوڑ دھوپ
کوشش و محنت۔
نگار بستن۔ ف۔ مہندی لگانا
سنوارنا۔
عرائس۔ ۔ ح۔ عروس
جلائے وافر۔ عف۔ روشنی زیاد
عنوان۔ ۔ سرنامہ۔ سرخی۔
تحسین۔ ف۔ ین بستی ہے
پھلا۔
معانی سنج۔ عف۔ مضامین نویس
کلک۔ ۔ تھنا۔ قلم۔ پینی۔
خوانین۔ معرب ج۔ خان پٹھان
سردار۔ حاکم
خطب۔ ۔ ح خطبہ۔ مراد
مضمون و خط۔
بیاض۔ کاپی۔ نوٹ بک

حیز۔ مکان۔ در۔ حافظہ
فراز پیدائی منقام اظہار
فہامی۔ ۔ بسیار فہمندہ۔
منصہ۔ ۔ چوکی۔ تخت بمقام
نشست۔ عروص
شہود۔ ۔ عالم اظہار و
شہادت
پیرایہ۔ ف۔ لباس۔ پوشاک
و زیور
تابدان۔ عف۔ روشندان۔ موکھا
کاخ۔ ۔ محل و خانہ۔
نوباوہ۔ عف۔ پودا و بوٹا۔
فائز گشتن۔ عف۔ کامیاب شدن
حق پژوہ۔ عف۔ اسم فاعل پژو
ہیدن۔ جستجو کردن
حق پسند و حق جو۔
عدالت گرائے۔ عف۔ اسم فاعل
گرائیدن۔ رغبت کردن
خواہش نمودن۔ عدل
پسند
ظل الٰہی۔ ۔ حکومت و سلطنت

غازی۔ ۔ بہادر۔ جنگجو۔ مذہبی
مجاہد
ازبک۔ ت۔ قوم ترکمان است۔
سپہدار۔ ف۔ سپہ سالار۔ حاکم
بادشاہ جھوٹے وار
قدسی اساس ۔ بنیاد پاکیزگی
مبدع۔ ۔ چیزے تو پیدا کنندہ
سزد۔ ف۔ از مصدر سزیدن
زیب دینا۔
شیون۔ ۔ ج شان۔ حالت
و شان۔ تغیرات۔
بطون۔ ۔ ج باطن۔ حالت دلی
انام۔ ۔ مخلوق۔ پبلک۔
قہرماں ۔ مراد غلبہ۔
صور علمیہ۔ ۔ عالم موجودات
